اپنی خلق کے تو نکل اونکی طرف اور حکم کر اون مین ساتھہ اوس شے کے جو مین نے تجھکو سکھائی اپنی حکمتون سے اور ظاہر ہو اون مین ساتھہ اوس چیز کے جسکے ساتھہ مینے تیری تائید کی اپنی نشانیون سے کہا پھر مین پیدا ہو گیا اور لوگون کیطرف نکلا تو وہ ہر طرف سے میری طرف دوڑ آئے رضی اللہ تعالی عنہ **الحکایة الخامسة والعشرون** بعد الخمس المئین عن بعضهم قال شهدت الشیخ **موسی بن ماهین** الزولی رضی الله عنه وقد اتته امرأة بصغیر وقالت له هذا فلان بن فلان عمره اربعة اشهر فدعاه الشیخ الیه فاتاه الصغیر یعدو فقال له اقرأ قل هو الله احد فاقرأه سورة الاخلاص ففرأها الصغیر بلسان فصیح وما زال یمشی ویتکلم الی ان بلغ سن من یمشی ویتکلم قال ورایته بعد موت الشیخ بثلاثین سنة فوالله مازادت فصاحة نطقه علی فصاحته حین تکلم بین یدی الشیخ اول مرة **بعض صالحین** سے مروی ہے کہا مین حاضر ہوا پاس **شیخ موسی بن ماهین** زولی رضی اللہ عنہ کے اور ایک عورت چھوٹے بچے کو اونکے پاس لائی اور اون سے عرض کیا کہ یہ فلان بن فلان ہے اسکی عمر چار ماہ کی ہے پس شیخ نے اوسکو اپنی طرف بلایا تو وہ چھوٹا بچہ دوڑتا ہوا اونکی طرف آگیا پھر اوس سے فرمایا پڑھ قل ہو اللہ احد پس سورۂ اخلاص اوسے پڑھائی تو اوس بچے نے فصیح زبان سے اوسکو پڑھا اور وہ ہمیشہ چلتا اور بولتا رہا یہانتک کہ اون بچون کی عمر کو پہونچا جو کہ چلتے اور بولتے ہین راوی نے کہا تیس برس کے بعد شیخ کی وفات سے مین نے اوسکو دیکھا پس قسم ہے اللہ کی اوسکے نطق کی فصاحت زیادہ نہین ہوئی اوسکی فصاحت پر جسوقت کہ پہلے بار اوسنے شیخ کے سامنے تکلم کیا تھا **ومن کلام** الشیخ موسی رضی الله عنه لو رفع لك الحجاب علی بساط الروحانیة لکلمك من ذاتك وانکشفت لك الانوار والحقائق وهی روائب العلی وروائح ارواح السنا واللمح اللائح والفتح الطالع من وطئ بساطها استوی ومن رکب براقها بلغ سدرة المنتهی **قال المترجم** عفا اللہ تعالی عنہ قال فی بهجة الاسرار وکان رضی الله تعالی یکنی ابا مسا ورفیا لمبنی واستوطن ماردین وبها مات وقد علت سنه وقبره بها ظاهر یزار وحدثت انه لما وضع فی لحده نهض قائما یصلی واتسع له اللحد واغمی علی من کان نزل قبره وکان رحمه الله تعالی جمیلا بهیا مهابا فاضلا انتهی **الحکایة السادسة والعشرون** بعد الخمس المئین عن الشیخ الکبیر الامام الشهیر **شهاب الدین السهروردی** قال کنت مرة عند عمی شیخنا ابی النجیب **عبد القاهر** رضی الله عنه فاتاه انسان بعجل وقال یا سیدی هذا

نذرناه لك وانصرف الرجل فجاء العجل حتى وقف بين يدی الشيخ فقال الشيخ لنا ان هذا العجل يقول لی انی لست العجل الذی نذر لك بل نذرت للشيخ علی بن الهيتی وانما نذر لك اخی او قال الآخر فلم نلبث ان جاء صاحب العجل وبيده عجل يشبه الاول فقال للشيخ يا سيدی انی نذرت لك هذا العجل ونذرت للشيخ علی بن الهيتی العجل الذی اتيناك به اولا وكانا اشتبها علی واخذ الاول | السوادی

قال وحضر عنده ثلاثة من اليهود وثلثة من النصاری فعرض عليهم الاسلام فابوا اباء عظيما فوضع فی فم كل واحد منهم لقمة من لبن فما يتم احد منهم بلعها حتی يسلم فاسلموا اسنتهم وقالوا لما خالط اللبن بواطننا نسخ منا كل دين غير دين الاسلام وقال الشيخ وعزة المعبود ما اسلمتم حتی اسلمت شياطينكم علی يدی وانی استوهبتكم من الله تعالی فوهبكم لی ثم مسح بيده علی عيونهم فكشف لهم عن قرنائهم وخاطبوهم بالاسلام | وانصرف | مرة | اكلها و | فقال

حضرت شیخ کبیر شہاب الدین سہروردی رضی اللہ عنہ فرماتے ہین کہ ایکبار مین اپنے چچا شیخ ابو النجیب عبد القاہر رضی اللہ عنہ کے پاس تہا پس کوئی آدمی ایک بچھڑا اونکے پاس لایا اور عرض کیا یا سیدی یہ ہمنے آپ کے واسطے نذر کیا ہے اور وہ شخص چلا گیا پھر وہ بچھڑا آیا یہانتک کہ شیخ کے آگے ٹھیرا تو شیخ نے ہمسے فرمایا کہ یہ بچھڑا مجھسے کہتا ہے مین وہ بچھڑا نہین ہون جو آپکے واسطے نذر کیا گیا ہے بلکہ مین شیخ علی بن ہیتی کے واسطے نذر کیا گیا ہون اور جو آپ کے واسطے نذر کیا گیا ہے سو وہ میرا بہائی ہے یا کہا وہ اور ہے پہر ہم نہ ٹھیرے کہ بچھڑے والا آیا اور اوس کی ہاتہہ مین ایک بچھڑا اول کے مشابہ تہا پس شیخ سے عرض کیا یا سیدی مینے آپکے واسطے یہ بچھڑا نذر کیا ہے اور شیخ علی بن ہیتی کے واسطے وہ بچھڑا نذر کیا ہے جسکو مین اول آپ کے پاس لایا تہا اور وہ دونون مجہپر مشتبہ ہوگئے اور اول کو لیلیا کہا اور ایکبار تین یہودی اور تین نصرانی اونکے پاس حاضر ہوئے پس شیخ نے اونپر اسلام پیش کیا تو اونہون نے سخت انکار کیا پس اون مین کے ہر ایک کے منہ مین دودہ کا ایک ایک لقمہ رکہا تو کوئی اون مین کا اوسکے نگلنے کو پورا نہین کرنے پاتا ہے یہانتک کہ مسلمان ہوجاتا ہے۔ پہر وہ چہہ کے چہہ مسلمان ہوگئے اور کہا جبکہ اوس دودہ نے ہماری بواطن مین مخالطت کی تو سوائے دین اسلام کے ہر دین ہمسے منسوخ ہوگیا اور شیخ نے فرمایا قسم ہے معبود کے عزت کی کہ تم مسلمان نہین ہوے یہانتک کہ تمہارے شیطان مسلمان ہوے میرے ہاتھون پر مینے تمکو اللہ سے مانگا تو اوسنے تمکو مجھے ہبہ کر دیا پہر اپنا ہاتہہ اونکی آنکھون پر پہیرا تو اونکو اونکے ساتھی شیطانون کا کشف کیا گیا اور اونہون نے اون سے اسلام کے ساتھ خطاب کیا

الحكاية السابعة والعشرون بعد الخمس المئين عن الشيخ ابى محمد عبد الله
ابن مسعود المعروف بالرومى قال مررت مرة مع شيخنا الشيخ ابى النجيب رضى الله عنه
بسوق السلطان ببغداد فنظر الى شاة مسلوخة معلقة عند جزار فوقف عنده وقال له
ان هذه الشاة تقول لى انها ميتة فغشى على الجزار وتاب على يد الشيخ واقر بصحة قوله قلت
ونحو هذا ما بلغنى عن بعضهم انه مر على شوّاء بين يديه كبش شواء يريد تقطيعه وبيعه
على المسلمين فكشف له عن كونه ميتة فدفع للجزار شيئا من الدراهم وامر بحمله والقائه على
بعض المزابل للكلاب وهذا السيد المذكور هو الشيخ عبد الله المتوفى الرومى رضى الله عنه
ومن كراماته ايضا انى حرصت على الاجتماع به فى القرافة فلم يقدّر لى به اجتماع الى ان كان وقت
سفرى واذا به قد جاء الى المكان الذى انا فيه فتسالمنا ثم سافرت فى الحال ويحتمل ان تصرفه فى احوال
الخلق فى هذا المقدار فحسب ويحتمل ان عدم انكاره على الشوّاء المذكور واخذه منه من غير بذل
شئ لوجهين احدهما ستر للحال وتباعد عن التوبيخ والاخجال والثانى خشية ان ينكر عليه فينكر
كونه ميتة ويبيعه ولا يلتفت الى قوله البتة رجعنا الى ما يتعلق بذكر الشيخ ابى النجيب قال
الراوى ومررت معه مرة اخرى على الجسر فرأى رجلا يحمل فاكهة كثيرة فقال له بعنى هذه الفاكهة
فقال ولم قال انها تقول لى انقذنى من يد هذا فانه اشترانى ليشرب على الخمر فاغمى على الرجل
وسقط لوجهه ثم اتى الشيخ وتاب على يده وقال والله ما علم بهذا الحال الذى اخبر به الشيخ احد سوى
الله عز وجل وانا قال واجتزت معه يوما بالكرخ فسمعنا اختلاط اصوات سكارى فى دار
وشممنا رائحة منكرة فدخل الشيخ دهليز الدار وصلى فيها ركعتين فخرج من كان فيها صاحين فاذا
الخمر الذى كان فى الاوانى عندهم قد صار ماء وتابوا كلهم على يد الشيخ رضى الله عنه وكان من
اعيان المحققين واعلام العلماء العارفين صاحب الكشف الظاهر والكرامات الخارقة والاحوال
النفيسة والمقامات الرفيعة والانفاس الصادقة والمفاخر السنية وهو احد من درّس بالنظامية
وتصدّر للفتاوى ووضع الكتب المفيدة فى علمى الشريعة والحقيقة وكان يلقب بمفتى العراقين
وقدوة الفريقين وهو احد اركان هذا الشان وائمة ساداته واجلاء قاداته اليه المنهاج الاعلى
فى الحقائق والمعراج الارفع فى المعانى والمقام السامى فى القرب والقدم الراسخ فى التمكين

لے بوسی کنند ۱۲
۲ے شتر گوشت بریان قصاب بزگوش سیہ ۱۲
۳ے بریان گر بریان فروش ۱۲
المستوفى
۴ے دنبۂ بریان ۱۲
۵ے ای الراوی یعنی ابو محمد عبد اللہ کو ۱۲
۶ے ای تنا رکنا فی السلام ۱۲
۷ے نام محلہ بغداد ۱۲
۸ے تدریس می گفتن ۱۲
، فدخلنا
۹ے تصدّر ... ۱۲

والباع الطويل فی شرف الاخلاص و طيب الاعراق انعقد عليه اجماع المشائخ والعلماء بالاحترام واوقع الله له فی الصدور القبول التام وكان بهی السمت ظاهر الوضاءة او قال الوضاءة وكان يشير احوال القوم ويتطيلس ويلبس لباس العلماء ويركب البغلة وترفع بين يديه الغاشية ومن كلامه رضی الله عنه اول التصوف علم واوسطه عمل واخره موهبة فالعلم يكشف عن المراد والعمل يعين على الطلب والموهبة تبلغ غاية الامل واهله على ثلاث طبقات مريد طالب ومتوسط سائر ومنته واصل فالمريد صاحب وقت والمتوسط صاحب حال والمنتهی صاحب يقين وافضل الاشياء عندهم عد الانفاس فمقام المريد المجاهدات والمكابدات وتجرع المرارات ومجانبة الحظوظ وما للنفس فيه هوى ومقام المتوسط ركوب الاهوال فی طلب المراد ومراعاة الصدق فی الاحوال واستعمال الادب فی المقامات ومقام المنتهی الصحو والثبات واجابة الحق من حيث دعاه قد جاوز المقامات وهو فی محل التمكين لا تغيره الاحوال ولا تؤثر فيه الاهوال قد استوى فی حالة الشدة والرخاء والمنع والعطاء والجفاء والوفاء اكله كجوعه ونومه كسهره قد فنيت حظوظه وبقيت حقوقه ظاهره مع الخلق وباطنه مع الحق وكان يتمثل بهذه الابيات ؎ فتفنی الحقيقة عن ذاتها ويخفی الخفی عن عيان الحقيقة ٭ ويبقی بلا انت فرداً به ٭ انيساً بعوم بحار عميقه ٭ وتقدم من غيبها ظاهراً ٭ بكل اشارة ذوق دقيقة ٭ يميت الحجاب ويحيی اللباب ٭ وهذا نهاية علم الحقيقه ٭

قال المترجم عفا الله تعالى عنه وهو الشيخ ضياء الدين ويلقب ايضا نجيب الدين ابی النجيب عبد القاهر بن عبد الله بن محمد بن عبد الله المعروف بعمويه سعد بن الحسين بن القاسم بن النضر بن القاسم بن محمد بن عبد الله بن عبد الرحمن بن القاسم بن محمد بن ابی بكر الصديق رضی الله تعالى عنه السهروردی رحمه الله تعالى والسهروردی بضم السين والراء الاولى سكن رضی الله تعالى عنه بغداد الى ان مات بها سنه ثلاث وستين وخمسمائة ودفن بمدرسة على شاطئ دجلة عند الجسر العتيق وقبره بها ظاهر يزار وعمويه بفتح العين المهملة وتشديد الميم وضمها وبعدها واو ساكنة وياء آخر الحروف وتاء تانيث كذا فی بهجة الاسرار **شيخ ابو محمد عبد الله بن مسعود معروف رومی** رحمہ اللہ تعالیٰ کہتے ہیں کہ ایکبار میں نے اپنے شیخ ابو النجیب رضی اللہ عنہ کے ہمراہ بغداد کے بازار سلطان پر گذر کیا تو شیخ نے ایک بکری کی طرف نظر کی جسکا چمڑا کھینچ لیا گیا تھا ایک قصاب کے پاس لٹکی ہوئی تھی پس اوس قصاب کے پاس کھڑے رہے اور اوس سے فرمایا کہ یہ بکری مجھسے کہتی ہے کہ وہ مردار ہے یہ کہتے ہی اوسپر غشی طاری ہوئی اور شیخ کے ہاتھ پر اوس نے توبہ کی اور اونکے قول کی صحت کا اقرار کیا امام یافعی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں

منقبة

وهو طالب باد المبتدی
وهو صاحب تلوين
مرتق من حال الى حال
وهو فی الزيادة

وكل ذلك منقول من احوال النبی صلى الله عليه وآله وسلم واصحابه رضی الله تعالى عنهم اجمعين

کر اسی کے مثل وہ قصہ ہی جو مجھے بعض صالحین سے پہونچا ہی کہ وہ ایک بریان فروش پر گزرے اوسکے آگے ایک دنبہ بریان تھا وہ ارادہ کررہا تھا کہ اوسکے ٹکڑے کرے اور مسلمانون کے ہاتھ اوسے فروخت کرے پس اونکو اوسکے مردار ہونیکا کشف ہوا تو اوس قصاب کو کچھ درہم دیئے اور حکم دیا کہ اوسکو اوٹھائین اور کسی گھوڑے پر کتون کے واسطے اوسکو ڈالدین اور یہ سید مذکور ہی شیخ عبداللہ منوفی رومی ہین اور اونکی کرامات مین سے یہ بھی ہی کہ مین نے اسپر حرص کی کہ قرافہ مین اوسنے ملون سو اونسے ملنا میرے واسطے مقدر نہین ہوا یہانتک کہ میرے سفر کا وقت آیا کیا دیکھتا ہون کہ ناگاہ وہ اوس مکان کی طرف آگئے جسکے اندر مین تھا تو باہم ہمنے سلام کیا پھر فی الحال مینے سفر کیا حکایت مذکور مین جو شیخ نے اوس بریان فروش پر انکار نکیا اور کچھ دینی کے بغیر اوس دنبے کو اوس سے نہ لیا سو یہ احتمال ہو سکتا ہی کہ اونکا تصرف احوال خلق مین صرف اسیقدر تھا اور یہ بھی احتمال ہی کہ دو وجہون کے باعث ایسا نکیا ایک یہ کہ اپنے حال کا ستر کیا اور توبیخ و سرزنش اور شرمندگی سے دور رہے دوسری وجہ یہ ہی کہ اسبات سے خوف کیا کہ اگر اوسپر انکار کرین تو وہ اوسکے مردار ہونیکا انکار کرے اور اوسکو بیچے اور اونکے قول کی طرف بالکل التفات نکرے **اب** پھر ہم رجوع ہوسے اوس بات کیطرف جو کہ شیخ ابوالنجیب کے ذکر سے متعلق ہے **راوی** نے کہا ایکبار اور مین اونکے ہمراہ پل پر گزرا تو اونہون نے ایک شخص کو دیکھا کہ وہ بہت سا میوہ اوٹھائے لیے جاتا ہے پس اوس سے فرمایا کہ تو یہ میوہ مجھے بیچدے تو اوسنے کہا کیون فرمایا وہ مجھسے کہتا ہے کہ تو مجھے اسکے ہاتھ سے رہائی دلادے اسلیے کہ اوسنے مجھکو خریدا ہی تا کہ مجھپر شراب پیے یہ کہتے ہی اوس شخص پر بیہوشی طاری ہوئی اور اپنے مونہہ کے بل گر پڑا پھر وہ شیخ کے پاس آیا اور اونکے ہاتھ پر توبہ کی اور کہا یہ حال جسکی شیخ نے خبر دی اسکو سوائے اللہ عزوجل کے اور میرے کسی نے نہین جانا **کہا** اور ایکدن مین نے اونکے ہمراہ محلہ کرخ پر گزر کیا تو ایک گھر مین ہمنے شرابیون کی خلط ملط آوازین سُنین اور ایک بُری بو سونگھی پس شیخ گھر کی ڈیوڑھی مین داخل ہوئے اور وہان دو رکعت نماز پڑھی تو جو لوگ اوس مین تھے وہ چلاتے ہوئے نکل آئے پھر کیا دیکھتے ہین کہ جو شراب اونکے پاس برتنون مین تھی وہ بالکل پانی ہوگئی اور اون سب نے شیخ رضی اللہ عنہ کے ہاتھ پر توبہ کی

الحکایۃ الثامنۃ والعشرون

بعد الخمس المئین عن الشیخ الامام العارف باللہ تقی الدین علی بن المبارک الواسطی قال جلس سیدی احمد الرفاعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ یوماً علی الشط واصحابہ حولہ فقال نشتہی ان ناکل الیوم سمکاً مشویاً فلم یتم کلامہ حتی امتلأ الشط اسماکاً من انواع شتی و وثب منہا شئ کثیر الی البر فقال الشیخ ان ہذہ الاسماک کلہا تسألنی بحق اللہ تعالیٰ ان اکل منہا فصاد الفقراء منہا کثیراً وشووہ وقدموہ سماطاً عظیماً فی طواجن فاکلوا حتی شبعوا وبقی فی الطواجن من ہذہ الاسمک رؤسہا

۵ ذنوب جمع ذنب ۱۲

۶ طواجن جمع طاجن ... معروف ست ... ۱۲

بن

۷ ورئی فی ذلک الوقت بالشط ام عبیدۃ من الاسماک ما لم یر مثلہ

ومن هذه ذنبها ومن هذه بعضها فقال رجل یا سیدی ما صفة الرجل المتمکن قال ان یعطی التصریف
السمر فی جمیع الخلائق قال له وما علامة ذلك قال ان یقول لبقایا هذه الاسماك قومی فاسعی فتقوم
تسعی ثم اشار الشیخ الی تلك الطواجن بیده وقال اینها الاسماك فی هذه الطواجن قومی فاسعی
باذن الله عز وجل فلم یتم کلامه حتی وثبت تلك البقایا فی البحر اسماکا صحیحة وذهبت فی الماء
حیث اتت **شیخ تقی الدین علی بن مبارک واسطی** رحمہ اللہ تعالی کہتے ہین کہ ایک دن سیدی احمد رفاعی
رضی اللہ عنہ دریا کے کنارے پر بیٹھے اور اونکے اصحاب اونکے گرد تھے پھر فرمایا ہم آج یہ چاہتے ہین کہ بھنی ہوئی
مچھلیان کھائین پس اونکی بات پوری نہوئی تھی یہانتک کہ وہ کنارہ دریا کا متفرق قسمون کی مچھلیون سے بھر گیا
اور بہت سی اونمین سے خشکی کیطرف کودکر آگئین تو شیخ نے فرمایا کہ یہ ساری مچھلیان اللہ تعالی کے حق کی قسم دیکر
مجھسے یہ درخواست کرتی ہین کہ ہم اونمین سے کھاوین پس فقرا نے بہت سی شکار کین اور اونکو بریان کیا اور
تغارون مین رکھکر ایک بڑا دسترخوان تیار کرکے پیش کیا پھر اونھون نے کھایا یہانتک کہ سیر ہوگئے اور اون تغارون
مین بقیہ بچ رہا کسی مچھلی کا تو سر اور کسی کی دُم اور کسی کا کوئی اور عضو پھر ایک شخص نے عرض کیا کہ یا سیدی مرد متمکن
کی کیا صفت ہے فرمایا یہ ہے کہ ساری خلائق مین تصریف عام اوسکو عطا کیجائے اوس شخص نے عرض کیا
کہ اسکی کیا علامت ہے فرمایا یہ ہی کہ ان مچھلیون کا جو بقیہ بچا ہی اوس سے کہے کہ اُٹھ کھڑا ہو پھر دوڑ تو وہ اُٹھ
کھڑا ہو پھر دوڑنے لگے پھر شیخ نے اون تغارون کیطرف اپنے ہاتھ سے اشارہ کیا اور فرمایا او مچھلیو ان تغارون
مین اللہ عز وجل کے اذن سے اوٹھ کھڑی ہو پھر دوڑو پس اونکی بات پوری نہوئی تھی یہانتک کہ وہ بقیہ درست مچھلیان
ہو کر دریا مین کود گیا اور پانی مین چلی گئین جہان سے آئی تھین

الحکایة التاسعة والعشرون

بعد الخمس المئین عن الشیخ الجلیل ابی الحسن علی بن اخت سیدی احمد رضی الله تعالی عنه قال کنت
یوما جالسا علی باب خلوة خالی الشیخ احمد ولیس فیها غیره فسمعت عنده حسا فنظرت فاذا عنده
رجل ما رأیته قبل فتحدثا طویلا ثم خرج الرجل من کوة فی حائط الخلوة ومر فی الهواء کالبرق
الخاطف فدخلت علی خالی وقلت له من الرجل فقال ورایته قلت نعم قال هو الرجل الذی
یحفظ الله عز وجل به قطر البحر المحیط وهو احد الاربعة الخواص الا انه هجر منذ ثلث لیال
وهو لا یعلم فقلت یا سیدی ما سبب هجره قال انه مقیم بجزیرة فی البحر المحیط ومنذ ثلاث لیال
امطرت جزیرته حتی سالت اودیتها فخطر فی نفسه لو کان هذا المطر فی العمران ثم استغفر الله تعالی

فتحیر بسبب اعتراضه فقلت له فهلا اعلمته قال لانی استحییت منه فقلت له لو اذنت لی لاعلمته
قال او تفعل قلت نعم فقال رنق فرنقت ثم سمعت صوته یا علی ارفع راسك فرفعت راسی واذا
بجزیرة فی البحر المحیط فتحیرت فی امری وقمت امشی فیها واذا انا بذلك الرجل فسلمت علیه واخبرته
فقال ناشدتك بالله الا ما فعلت ما اقول لك قلت نعم قال ضع خرقتی فی عنقی فاسحبنی علی وجهی وناد علی
هذا جزاء من یعترض علی الله سبحانه وتعالی فوضعت الخرقة فی عنقه وهممت بسحبه واذا هاتف
یقول یا علی دعه فقد ضجت ملائکة السماء باکیة علیه وسائلة فیه وقد رضی الله عنه قال فاغمی
علی ساعة ثم سری عنی واذا انا بین یدی خالی بخلوته ووالله ما ادری کیف ذهبت ولا کیف جئت

شیخ ابو الحسن علی رضی اللہ عنہ شیخ احمد رفاعی رضی اللہ عنہ کے بھانجے کہتے ہین کہ ایک دن مین اپنے ماموں شیخ احمد کے دروازہ خلوہ پر بیٹھا ہوا تھا اور اوسمین سوا اونکے کوئی نتھا پس مینے اونکے پاس ایک آہٹ سنی تو مینے نظر کی پس کیا دیکھتا ہون کہ اونکے پاس ایک ایسا شخص ہی کہ اس سے پہلے مینے اوسکو نہین دیکھا تھا پھر دونون نے دیر تک بات چیت کی اوس خلوہ کی دیوار مین ایک روزن تھا پھر وہ شخص اوس سے نکل گیا اور برق خاطف کیطرح ہوا مین گزرتا ہوا چلا گیا پھر مین اپنے ماموں کی پاس اندر گیا اور مینے اونسے کہا کہ یہ شخص کون تھا تو فرمایا کیا تو نے اوسکو دیکھ لیا مینے کہا ہان فرمایا یہ وہ شخص ہی کہ اللہ عزوجل اسکے سبب سے بحر محیط کی قطر کی حفاظت فرماتا ہی اور یہ چار خواص مین کا ایک ہی مگر وہ تین رات سے مہجور ہو گیا ہے حالانکہ وہ نہین جانتا ہے پس مینے عرض کیا یا سیدی اوسکے مہجور ہونیکا کیا سبب ہے فرمایا کہ وہ دریا مین ایک جزیرے مین مقیم ہے تین رات سے اوسکے جزیرے پر پانی برسایا گیا یہانتک کہ اوسکی وادیان بہ نکلین تو اوسکے جی مین یہ خطرہ آیا کہ کاش یہ بارش آبادی مین ہوتی پھر اوسنے اللہ تعالی سے استغفار کی سو وہ اپنے اعتراض کے باعث مہجور ہوا ہی کسی نے خطرے کے باب مین خوب کہا ہی ع نہ آنا دل مین خطرے کا ہی تہذیب اوسکی محفل کی + پھر مینے اونسے عرض کیا کہ آپ نے کیون نہین اوسکو اعلام کر دیا فرمایا نہین اسلیے کہ مین اوس سے شرمایا تو مینے کہا اگر آپ مجھے اذن دیتے تو مین اوسے اعلام کر دیتا فرمایا کیا تو یہ کریگا مینے کہا ہان تو فرمایا تو اپنے دونون ہاتھ ایسے ہلا جیسے پرندہ اپنے دونون بازو پھر پھڑاتا ہی پس مینے ایسا کیا پھر مینے اونکی آواز سنی او علی اپنا سر اوٹھا تو مینے اوٹھا لیا کیا دیکھتا ہون کہ بحر محیط کے اندر ایک جزیرے مین ہون پس مین اپنے کام مین حیران ہو گیا اودھر اودھر اوسمین چلنے لگا ناگاہ مین اوسی شخص کے پاس موجود ہون تو مینے اوسکو سلام کیا اور ادسے خبر دی پس اوسنے کہا

اوا علمته لانی

لاتفعل فاذا انا

الله

اعترض فاذا انا بهاتف

فوالله

ل ۱ بالتشدید بمعنی چرانہ ۱۲ ص

ل ۲ رنق الطائر اذا خفق بجناحیه فی الهواء وثبت ولم یطر والترنیق خفق الطائر بجناحیه فی الهواء کما فی الصحاح وآخفاق بال زدن مرغ در پریدن ۱۲

ل ۳ المناشدة سوگند دادن ۱۲

ل ۴ سحب کشیدن چیزی بر زمین

ل ۵ ای تضرعت ۱۲

ل ۶ ام بمعنی اترک ۱۲

ل ۷ ضج ضجیج بانگ و فریاد کردن

ل ۸ سری عنه الهم ای انکشف ۱۲ ص

مین تجھے اللہ تعالیٰ کی قسم دیتا ہون کہ تو وہ کام کرنا جو مین تجھسے کہتا ہون مین نے کہا ہان کہا کہ تو میرا خرقہ میری گردن
مین رکھ پھر میرے مونہہ کے بل مجھے گھسیٹ اور مجھپر یہ ندا کر کہ یہ جزا ہے اوس شخص کی جو کہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ پر اعتراض
کرتا ہے پس مینے وہ خرقہ اوسکی گردن مین رکھا اور اوسکے گھسیٹنے کا قصد کیا کہ ناگاہ ایک ہاتف کر رہا ہے اوعلی تو اوسے
چھوڑ دے پس بیشک آسمان کے فرشتون نے اوسپر روتے ہوے اور اوسکے حق مین سوال کرتے ہوے
شور و فریاد کی ہے اور مقرر اللہ تعالیٰ اوس سے راضی ہو گیا کہا پس گھڑی بھر مجھپر غشی طاری ہوئی پھر دور ہو گئی
تو کیا دیکھتا ہون کہ اپنے امون کے آگے اونکے خلوہ مین ہون اور واللہ مین نہین جانتا ہون کہ کیونکر گیا
اور کسطرح آگیا وکان رضی اللہ عنہ شافعی المذہب فاضلًا ظریفًا وما تصدّر فی مجلس ولا جلس
علی سجّادةٍ تواضعًا وھو من اعیان مشائخ العراق واجلاء العارفین واکابر المحققین وصدور
المقربین صاحب المقامات العلیة والاحوال السنیّة والکرامات الجلیة عمّر اللہ القلوب بمحبته
وملأ الصدور من ھیبتہ وعمّ الاقطار بذکرہ وعطّر الآفاق بنشرہ فاستطار فی الانام استطارة عمّ
النار بالریاح وعلا فی العالمین علوّ الجوّ بالصباح وانتہت الیہ الریاسة فی علوم الطریق وشرح احوال
القوم وکشف مشکلات منازلاتہم وتخرّج بصحبتہ جماعة کثیرة من اعلام الطریق وتلمّذ لہ خلق لا یحصون
من ارباب الاحوال الصادقة وینتمی الیہ عالمٌ عظیمٌ فی کل قطرٍ وتبعہ جمٌّ غفیرٌ من کل جھةٍ ورماہ
المشائخ والعلماء وغیرھم بابصار التبجیل وشھد لہ الخلق بالاحترام والتفضیل وقصد بزیارتہ من
کل فجٍ عمیق وکان مشتملا علی لطف الاخلاق وشرف الصفات وکمال الاداب قلت ھذا بعض ما قیل فیہ
وحذفت کثیرا من مناقبہ کما حذفت ما یطول ذکرہ من مناقب غیرہ من المشائخ ومن کلامہ
رضی اللہ عنہ الکشف قوةٌ جاذبةٌ بخاصیتہا نور عین البصیرة الی فیض الغیب فیتصل نورھا بہ
اتصال الشعاع بالزجاجة الصافیة حال مقابلتہا ثم یتألق النور منعکسا بضوئہ علی صفاء القلب بالمنع المجذوب الی یتعاذف نورہ
ثم یترقّی ساطعًا الی عالم العقل فیتصل بہ اتصالا معنویًا لہ اثر فی استفاضة نور العقل علی ساحة
القلب فیشرق نور العقل علی انسان عین السرّ فیری ما خفی عن الابصار موضعہ ودقّ عن الافہام
تصورہ واستتر عن الاعیان مراٰہ ومنہ الزھد اساس الاحوال المرضیة والمراتب السنیة وھو
اول قدم القاصدین الی اللہ عزّ وجلّ والمنقطعین الی اللہ والراضین عن اللہ والمتوکلین علی اللہ الصادقین
فمن لم یحکم اساسہ فی الزھد لم یصح لہ شیٔ مما بعدہ والفقر رداء الشرف ولباس المرسلین و

جلباب الصالحين وتاج المتقين وغنيمة العارفين ومنية المريدين ورضاء الجبار وكرامة
لاهل ولايته والانس بالله لعبد قد كملت طهارته وصفا ذكره واستوحش من كل ما يشغله عن
الله وعند ذلك انسه الله به وارادة بحق حقائق الانس به ومنه لسان الورع يدعو الى ترك
الآفات ولسان التعبد يدعو الى دوام الاجتهاد ولسان المحبة يدعو الى الذوبان والهيمان ولسان المعرفة
يدعو الى الفناء والمحو ولسان التوحيد يدعو الى الافاقة والصحو ومن اعرض عن الاعتراض ادبا
فهو الحكيم المتأدب وقيل سبب مرضه الذى مات به انه سمع قوالا ينشد ابياتا فاضطرب وانزعج
وهى هذه شعر اذا جن ليلى هام قلبى بذكركم + انوح كما ناح الحمام المطوق + وفوقى سحاب يمطر الهم
والاسا + وتحتى بحار بالاسا تتدفق + سلوا ام عمرو كيف حال اسيرها + تفك الاسارى دونه
وهو موثق + فلا انا مقتول ففى القتل راحتى + ولا انا ممنون عليه فيوثق + قال المترجم عفا الله
تعالى عنه وهو رضى الله تعالى عنه بطائحى المنشا وكان منسوب الى من اسمه رفاعه وسكن ام عبيدة قرية بارض البطائح
الى ان مات بها سنة ثمان وسبعين وخمسمائة وقد نا هز الثمانين وقبره بها ظاهر يزار وقال قبل موته انا شيخ من لا شيخ له
انا شيخ المنقطعين انا ماوى كل شاة عرجا انقطعت فى الطريق وذكر عنه انه قال امرت بالسكوت فكان لا يتكلم الا قليلا
رضى الله تعالى عنه كذا فى بهجة الاسرار انتهى **الحكاية الثلثون بعد الخمس المئين** عن الشيخ
على بن المريس اليعقوبى رحمه الله تعالى ان الشيخ الكبير العارف بالله **على بن الهيتى**
رضى الله تعالى عنه ركب دابته مرة واتى الى بلدة من اعمال نهر الملك ونزل على بعض اهلها فاحتفل به
الرجل احتفالا عظيما فقال له الشيخ اذبح هذه الدجاجة وهذه يشير الى دجاج بين يديه ففعل
فخرج من بطونها حبات ذهب فبهت الرجل وكانت لاخته صيغة من حلية الذهب
فانقطعت ولم تشعر والتقطها الدجاج ففقدتها وظن اهلها انه حدث عليها امر وهموا بقتلها
تلك الليلة فقال الشيخ ان الله تعالى اطلعنى على امر اختكم وعلى ما فى نفوسكم وعلى ما فى بطون هذه
الدجاج وانى استاذنت ربى تبارك وتعالى فى ان اكشف لكم عن هذه القضية وانقذكم من
الهلكة فاذن لى قال الراوى المذكور وسرنا معه مرة فى قرى نهر الملك فوجدنا اهل قريتين
قد اشهروا سيوفهم وتوجهوا للقتال وبينهم قتيل مطروح وقد اتهم بعض الفريقين بعضا بقتله
وجاء الشيخ حتى وقف على راس القتيل واخذ بناصيته وقال من قتلك يا عبد الله فاستوى القتيل

فعند

الاثبات

[حاشیہ:] ١ انس و تانس انس دادن و انس بالضم آرام یافتن ١٢ ص ٢ اجتهاد توانائی و قوت را کار بستن ١٢ ص ٣ صحو ہشیاری ٤ انزعج برکنده شد ١٢ ٥ جن تاریک شد ١٢ ٦ ہیم و ہیمان سرگشتگی از عشق ١٢ صراح ٧ امطار باریدن و بارانیدن لازم و متعدی ١٢ ص

ادریس

[حاشیہ:] ٨ تدفق ہکذا فی کتاب بہجة الاسرار المطبوع بمصر ١٢

وهذه

عنبرية من ذهب فانصرمت من حيث

[حاشیہ:] ٩ اسا اندوه ١٢ ١٠ تدفق جستن آب ١٢ ١١ احتفال جمع شدن ١٢ ای صار مبهوتا متحيرا ١٢ ١٢ اطلاع دیده ور گردانیدن ١٣ انقاذ رہانیدن ١٢ ١٤ شہر شمشیر کشیدن از نیام ١٢

فجاء

جالسا وفتح عینیه ونظر الی الشیخ وقال بلسان فصیح سمعه کل من حضر قتلنی فلان بن فلان ثم
طفا کما ھو وعاد الی حالہ الاولی شیخ علی بن ادریس یعقوبی رضی اللہ عنہ کہتے ہین کہ شیخ کبیر عارف
باللہ علی بن ہیتی رضی اللہ عنہ ایکبار اپنی سواری پر سوار ہوے اور اعمال نہر الملک کے کسی شہر کیطرف آئے
اور اوسکے لوگون مین سے کسی شخص کے پاس اوترے تو اوسنے اونکی بڑی آو بھگت کی پس شیخ نے اوس سے
فرمایا کہ تو یہ مرغی ذبح کر اور یہ اور یہ اون مرغیون کیطرف اشارہ کرتے تھے جو اونکے آگے تھین پھر اوسنے ایسا ہی
کیا تو اونکے پیٹون مین سے سونے کے دانے نکل آئے یہ دیکھکر وہ شخص مبہوت و متحیر ہو گیا اوس شخص کی بہن کی
کوئی شے سونے کے زیور کی تھی وہ ٹوٹ گئی اور اوس عورت کو اسکی خبر نہوئی اور مرغیان اوسکو چگ گئین
پھر اوسنے اوس شئے کو گم پایا اور اوسکے گھر والون نے یہ خیال کیا کہ اوسپر کوئی امر حادث ہوا ہی اور اوسی
رات کو اوسکے قتل کا ارادہ کیا تھا پس شیخ نے فرمایا کہ اللہ تعالےٰ نے مجھے مطلع کیا تمہاری بہن کے حال پر
اور اوس بات پر جو تمہارے جیون مین تھی اور اوس شے پر جو ان مرغیون کے پیٹون مین تھی اور مینے اپنے رب تبارک
وتعالی سے اذن چاہا اسبات مین کہ تمہارے واسطے اس قضیہ کا کشف کر دون اور تمکو ہلاکت سے خلاصی دون
تو اوسنے مجھے اذن دیا راوی مذکور نے کہا اور ایکبار ہم شیخ کے ہمراہ نہر الملک کے دیہات مین چلے تو
دو گانون والون کو ہمنے پایا کہ اپنی تلوارین میان سے کھینچے ہوے مین اور لڑنے کے واسطے آمنے سامنے ہو رہے
ہین اور اونکے درمیان مین ایک شخص مقتول پڑا ہوا ہی اور فریقین مین کے بعض نے بعض کو اوسکے قتل کی تہمت
لگائی ہی پس شیخ آئے یہانتک کہ اوس مقتول کے سر پر آٹھیرے اور اوسکی پیشانی کے بال پکڑے اور فرمایا او
اسکے بندے تجھے کسنے قتل کیا ہی تو وہ سیدھا ہو کر بیٹھ گیا اور اپنی آنکھین کھولین اور شیخ کیطرف نظر کی اور
زبان فصیح سے کہا جسکو ہر ایک نے سنا جو وہان حاضر تھا کہ مجھے فلان فلان کے بیٹے نے قتل کیا ہے پھر وہ
بجھ گیا جیسا کہ تھا اور اپنے پہلے حال کیطرف عود کر آیا۔

الحکایة الحادیة والثلاثون

بعد الخمس المئین عن الشیخ ابی الحسن الجوسقی رضی اللہ عنہ قال حضرت سماعا مع سیدی
الشیخ علی بن الھیتی رضی اللہ عنہ وحضر جماعة من المشائخ والصلحاء والفقہاء والقراء
فلما اخذ المشائخ بحظھم من السماع انکر علیھم الفقہاء والقراء بیواطنھم فعلم الشیخ علی بن الھیتی
فطاف علیھم فکان کلما قابل منھم رجلا نظر الیہ فیفقد جمیع ما فی صدرہ من القرآن والعلم حتی
اتی علی آخرھم فانصرفوا ومکثوا کذلک شھرا ثم اتوا کلھم الیہ وقبلوا رجلیہ واستغفروا اللہ فامر

اول مرة

فقام
و

فمدّت لهم سماطا فاکلوا واکل الشیخ معهم ولقّم کلًا منهم لقمة فوجد کل منهم ما فقده مع تلقیم الشیخ له تلك اللقمة وانصرفوا مسرورین **قال وراٰیته** یوما من حیث لم یشعر بی فی ظنی جالسا تحت نخلة فراٰیت النخلة امتلأت عراجین[1] تمر وتدلّت[2] حتی دنت منه فجعل یتناول من التمر ویاکله ووالله ما فی العراق تمرة علی النخلة ولا هو اوان حمل[3] النخل ثم انصرف فجئت علی اثره الی مکانه ذلك فوجدت تمرة فاکلتها فوالله ما اکلت تمرة من تمر الدنیا تشبه[4] طعمها **وقال وراٰیته** یوما علی شفیر بئر یستقی[5] منها دلوا لیتوضأ فطلع له منها فی الدلو ذهب فقال یارب ارید ماءً اتوضأ به ثم افرغ[6] الدلو فی البئر واستقی ثانیة فطلع له فی الدلو فواکه فقال یارب ارید ماء اتوضأ به ثم افرغ الدلو فی البئر واستقی ثالثة فطلع له فی الدلو ماء فتوضأ به ثم اکبّ[7] راسه فی راس البئر فطلع الماء الی راسها حتی شرب وکانت بعیدة الرشاء[8] **شیخ ابو الحسن جوسقی** رضی اللہ عنہ کہتے ہین کہ مین ایک مجلس سماع مین حاضر ہوا ہمراہ سیدی شیخ علی بن ہیتی رضی اللہ عنہ کے اور مشائخ وصلحا وفقہا و قرا مین کی ایک جماعت بھی حاضر ہوئی پھر جب مشائخ نے سماع سے اپنا حظ ونصیب لیا تو فقہا نے اپنے باطن سے اونپر انکار کیا پس شیخ علی بن ہیتی اس بات کو جان گئے اور اون پر طواف کیا پھر جب کبھی اون مین کے کسی شخص کے مقابلہ مین آتے تو اوسکی طرف نظر کرتے پس جو کچھ قرآن وعلم اوسکے سینہ مین تہا وہ اوس سب کو گم کرنے لگتا تہا یہانتک کہ اونکے آخر پر آگئے پھر وہ لوگ چلی گئی اور ایک مہینے اسی طور پر ٹھیرے رہے پھر سب کے سب شیخ کی طرف آئے اور اونکے پانون چومے اور اللہ تعالیٰ سے استغفار کی پس شیخ نے مجھے حکم دیا تو مینے اونکے واسطے دسترخوان بچھایا پھر اونہون نے کھانا کھایا اور شیخ نے بھی اون کے ساتھ کھایا اور اون مین سے ہر ایک کو ایک ایک لقمہ کھلایا پھر اونمین کے ہر ایک نے جو کچھ گم کیا تھا اوسکو پالیا اوس لقمہ کے ساتھ جو کہ شیخ نے اوسکو دیا اور خوش ہوتے ہوے چلے گئے **راوی نے کہا** اور ایکدن مینے اونکو دیکھا ایسی جگہہ سے کہ میرے خیال مین اونکو میری خبر نہوئی کہ ایک درخت خرما کے نیچے بیٹھے ہین پس مینے دیکھا کہ وہ درخت کھجور کی گھڑون سے بھر گیا اور لٹک آیا یہانتک کہ اونسے قریب ہوگیا تو وہ اون کھجورون مین سے لے رہے ہین اور اونکو کھا رہے ہین قسم ہی اللہ کی کہ عراق مین کسی خرما کے درخت پر ایک کھجور بھی نہ تھی اور نہ وہ وقت کھجورون کے پھلنے کا تھا پھر وہ چلدیے تو مین اون کے نقش قدم پر اوس جگہہ کیطرف آیا پس مینے ایک کھجور پائی تو اوسکو کھالیا پس قسم ہی اوسکی مین نے دنیا کی کھجورون مین سے کوئی کھجور ایسی نہین کھائی کہ اوسکے مزے کے مشابہ ہو کہا اور ایکدن مینے اونکو دیکھا کسی کنوین کے

[1] عرجون بمعنی خوشہ خرما ۱۲
[2] تدلی آویختہ شدن ۱۲
[3] حمل بالفتح بار درخت ۱۲ ص
[4] اشباہ مانند شدن ۱۲
[5] استقاء آب کشیدن ۱۲
[6] افراغ خالی آب ریختن ۱۲
[7] کب بروی افگندن ۱۲
[8] رشاء بالکسر والمد رسن دلو ۱۲ ص

کنارے پر کہ اوس سے ڈول کھینچ رہے ہین تاکہ وضو کرین پس اونکے واسطے اوسمین سے ڈول مین سونا ظاہر ہوا
تو کہا یارب مین پانی چاہتا ہون کہ اوس سے وضو کرون پھر کنوین مین ڈول ڈالا اور دوبارہ کھینچا تو اون کے
واسطے اوس ڈول مین میوے ظاہر ہوے پس کہا یارب مین پانی چاہتا ہون کہ اوس سے وضو کرون پھر کنوین مین ڈول
ڈالا اور تیسری بار کھینچا تو اوس ڈول مین اونکے واسطے پانی ظاہر ہوا تو اوس سے وضو کیا پھر اپنا سر اوس کنوین کے
سر مین اوندھا کیا تو پانی اوسکے سر تک طلوع کر آیا یہانتک کہ پیا حالانکہ اوس مین رسّی بہت دور لگتی تھی **ومن**
کلامه رضی الله عنه الشریعة ما ورد به التکلیف والحقیقة ما حصل به التعریف فالشریعة مؤیّدة
بالحقیقة والحقیقة مقیدة بالشریعة والشریعة وجود الافعال لله تعالی والقیام لشروط العلم
بواسطة الرسل والحقیقة شهود الاحوال بالله تعالی والاستسلام لغلبات الحکم بالتقدیر السابق
فی القدم بواسطة الفضل والکرم وکان یتمثل هذه الابیات ؎ اِنْ رُحْتُ اَطْلُبُه لاینقضی سفری
او جئتُ اَحْضُرُه اَوحشتُ فی الحضرِ ✤ فما اَرَاهُ ولاینفکُّ عن نظری ✤ وفی ضمیری ولا اَلْقَاهُ فی عُمُرِی ✤
فَلَیْتَنِی غبتُ عن حِسِّی برؤیته ✤ وعن فؤادی وعن سَمْعِی وعن بَصَرِی ✤ **مترجم عفا الله عنه** عرض کرتا ہے
کہ حضرت شیخ علی بن ہیتی رضی الله عنہ نے زریران مین سکونت اختیار کی تھی یہ ایک شہر ہے اعمال نہر الملک سے
یہانتک کہ ۵۶۴ھ پانصد وشصت وچہار ہجری مین وہین وفات پائی انکی عمر یکصد وبست سال سے بھی زیادہ ہوئی اور
اوسی شہر مین مدفون ہوے اور وہین انکی قبر ظاہر ہے لوگ اوسکی زیارت کرتے ہین وکان بہیا ظریفا جمیلا یلبس لباس
اہل السواد وقد حوی مکارم الاخلاق ومحاسن الصفات وجلائل المناقب وکان من اکرم الناس واوفرہم عطاء واکثرہم ایثارا
ومآثرہ فیه مشهورة وکان لاصحابه علی سلوک ہذا المقام اقتفاء ہذا المنهاج رضی الله عنہم وزریران بزای وبعد ہاراء مہملة
مکسورة ویاء وبعد ہاراء مہملة والف ونون علی وزن قفیزان کذا فی بہجة الاسرار **الحکایة الثانیة و**
الثلاثون بعد الخمس المئین عن الشیخ الصالح ابی نصر صالح بن ابی المعالی رحمه الله تعالی انه
کان مع الشیخ الکبیر العارف بالله الخبیر عبد الرحمن الطَّفْسُوْنْجِی رضی الله عنه ذات یوم تحت جبل
فی صحراء من صحاری العراق فقال سُبحان من سَبَّحَتْه الوُحوش فی القفار فاذا بین یدیه وحوش عظیمة
قد ملأت البطحاء وهی تترنّم بلغاتها وتُهَیْنِمُ باصواتها وامتزجت الاُسُد بالارانب والظباء وجاء
بعضها یتمرّغ علی قدمیه **ثم قال** سبحان من سبّحته الطیورُ فی اوکارها فاذا علی راسه فی الهواء طیور
کثیرةٌ من کل جنس قد سدّت الفضاء وهی تلحن بانغامها وتُرَجِّع باصواتها ودنت منه حتی عکفت علی راسه

ثم قال سبحان من سبحته الرياح العواصف[٥١] فهبت رياح مختلفة من كل جهة لم ار اكثر منها ولا
الطف نسيما ولا ارق هبوبا منها وما كانت هبت قبل كلامه ذلك ثم قال سبحان من سبحته الجبال
الشوامخ[٥٢] فاضطرب الجبل الذی كنا تحته وسقطت منه صخرات[٥٣] **شیخ ابو نصر صالح بن ابی المعالی**
رحمہ اللہ تعالی سے مروی ہے کہ ایکدن وہ حضرت شیخ **عبد الرحمن طفسونجی** رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھے نیچے ایک پہاڑ
کے جو کہ عراق کے بیابانون مین سے کسی بیابان مین تھا پس حضرت شیخ نے فرمایا پاک ہے وہ ذات جسکی پاکی بولی وحشی
جانورون نے جنگلون مین تبھی کیا دیکھتا ہون کہ بڑے بڑے وحشی جانور اونکے آگے موجود ہین اتنے کہ اوس
سنگستان کو بھر دیا اس حال مین کہ اپنی زبانون مین ترنم کر رہے ہین اور اپنی آوازون سے گنگنا رہے ہین اور شیر خرگوشون
اور ہرنون کے ساتھ ملے چلے ہین اور اونمین سے بعض جانور آکر اونکے قدمون پر لوٹ رہے ہین پھر فرمایا پاک ہے وہ ذات
جسکی تسبیح کی پرندون نے اپنے گھونسلون مین تبھی کیا دیکھتا ہون کہ ہر جنس کے بہت سے پرندے اونکے سر پر جھرمٹ کیے ہوے ہین
اسقدر کہ اوس میدان کو بند کر دیا ہے اور وہ اپنے نغمون سے چہچہے کر رہے ہین اور اپنی آوازون مین گردش دے رہے ہین
اور وہ اونسے قریب ہو گئے یہانتک کہ اونکے سر پر آکر جم گئے پھر فرمایا پاک ہے وہ ذات جسکو پاکی سے یاد کیا تند ہواون
نے پس ہر جہت سے مختلف ہوائین چلنے لگین ایسی کہ اونسے زیادہ مین نے نہین دیکھین اور نہ لطیف تر نسیم مین اور نہ
نرم تر چلنے مین اونسے بڑھکر دیکھین اور نہ اونکے اس کلام سے پہلے کبھی چلین پھر فرمایا پاک ہے وہ ذات جسکی تسبیح کی اونچے
اونچے پہاڑون نے پس جس پہاڑ کے نیچے ہم تھے وہ مضطرب ہوا اور کئی چٹانین اوس مین سے گر پڑین ۔
وهو رضی الله عنه من اصحاب الاحوال الفاخرة والكرامات الظاهرة والمقامات العلية والمعارف
السنية والتصريف النافذ والبسطة العظيمة لاحكام الولاية والتمكين المكين فی احوال النهاية وكان فقيها
فاضلا فصيحا ظريفا شيخا كريما عارفا محققا **ومن كلامه** رضی الله عنه طوبی لمن شرب كاسا من محبته
وذاق نعيما من مناجاته فامتلأ قلبه حبا فطار بالله طربا وهام اليه اشتياقا فيا له من وامق[٥٤] انس[٥٥] بركلف[٥٦] دنف[٥٧]
بحبه ليس له سكن ولا مالوف سواه وكان يتمثل[٥٨] بهذه الابيات ه حاضر فی القلب يعمره[٥٩] لست انساه فاذكره
ان يصلنی كنت فی دعة ؛ او جفانی ما اغيره ؛ فهو مولای ادل[٦٠] به ؛ وكما ارجوه احذره ؛

الحكاية الثالثة والثلثون بعد المائة عن الشيخ ابی الحسن بن احمد

الطفسونجی رحمه الله تعالی قال لما احتضر[٦١] شيخنا الشيخ عبد الرحمن الطفسونجی رضی الله تعالی عنه
قال له ولده اوصنی[٦٢] قال اوصيك بحفظ حرمة الشيخ عبد القادر رضی الله عنه وارضاه ولا خونا

٥١ عواصف جمع عاصفة باد تند ١٢
٥٢ شوامخ جمع شامخ کوہ بسیار بلند ١٢
٥٣ یعنی خلل باد ١٢
٥٤ وامق دوست دارنده ١٢
٥٥ انس بہ انس یافت بدو من باب ضرب ١٢
٥٦ کلف بہ عاشق شد بدو ١٢
٥٧ دنف سخت بیمار ١٢
٥٨ تمثل بالبيت مثل آورد ببيت ١٢
٥٩ عمارة بالكسر آباد كردن ١٢ ص
٦٠ ادلال استوار شدن بکسی ویعدی بالباء وبعلی یہ ای یثق بہ ١٢ ص
٦١ احتضر الرجل مردن نزدیک شد مرد ١٢
٦٢ اوصی وصیت کرد ١٢

من برکات قربہ فی حضرۃ مولاہ عزوجل والوقوف عند امرہ ولزوم خدمتہ فلما توفی جاء ابنہ الی الشیخ عبد القادر رضی اللہ عنہ وارضاہ ببغداد فاکرمہ الشیخ والبسہ خرقۃ وزوجہ ابنتہ وکان یلبس لباس العلماء فجلس یوما فی مدرسۃ الشیخ عبد القادر رضی اللہ عنہ وارضاہ فجاء فقیر مولہ وقعد الی جانبہ وجعل یقلب اکمامہ ویقول ہذہ اکمام ابن الشیخ عبد الرحمن الطفسونجی ہذہ اکمام بن ہبیرۃ یعنی الوزیر فقام ودخل الی دارہ وخلع ثیابہ ولبس مسحا فخرج من بغداد ولم یعرف لہ خبر ولا وقف لہ علی اثر فقال الشیخ عبد القادر رضی اللہ عنہ وارضاہ بعد مدۃ لرجلین من اصحابہ اذہبا الی عبادان تجدا فیہا ابن الشیخ عبد الرحمن فاذا وقع نظرکما علیہ صار فی اسرکما فاتیا بہ فلما دخلا عبادان سألا عنہ بعض الرجال الصیادین المقیمین علی شاطئ البحر فقال لہما فانہ یاتی کل یوم الی البحر یتوضأ ولہ ہدیر کہدیر الاسد یکاد البحر یضطرب من ہیبتہ فما لبثنا ان جاء علی ذلک الوصف فلما نظرا قال لہما قد اسرتمانی قبضۃ من ارسلکما فقالا لہ اجب الشیخ عبد القادر رضی اللہ عنہ فقال سمعا وطاعۃ فکانا یمشیان وہو خلفہما یمشی اذا مشیا ویجلس اذا جلسا حتی اتیا بہ بغداد فجلس بین یدی الشیخ عبد القادر رضی اللہ عنہ وارضاہ مطرقا متادبا فنزع عنہ الشیخ مسحہ والبسہ ثوبہ وادخلہ علی زوجتہ رضی اللہ عنہم اجمعین **قال المترجم** عفا اللہ تعالی عنہ قال فی بہجۃ الاسرار وہو رضی اللہ تعالی عنہ اسدی وکان اسمہ حبیبا فیما بلغنی لکن قیل لہ فی سرہ مرحبا بعبد الرحمن فسمی بہ وسکن طفسونج بلدۃ بارض العراق وبہا مات مسنا وقبرہ بہا ظاہر یزار رضی اللہ تعالی عنہ انتہی **شیخ ابو الحسن بن احمد طفسونجی** رحمہ اللہ تعالی کہتے ہیں کہ جسوقت ہمارے شیخ حضرت **عبد الرحمن** طفسونجی رضی اللہ عنہ مرنے کے قریب ہوئے تو اونکے فرزند نے اونسے عرض کیا کہ آپ مجھے وصیت کریں فرمایا کہ حضرت شیخ عبد القادر رضی اللہ عنہ وارضاہ کے حرمت کے حفظ ونگاہ رکھنے کی مین تجھے وصیت کرتا ہون اور اور ٹھیرنے کی نزدیک اونکے امر کے اور اونکی خدمت کے لزوم کی پھر جب اونکا انتقال ہوگیا تو اونکے فرزند حضرت شیخ عبد القادر رضی اللہ عنہ کیطرف آئے بغداد مین پس حضرت شیخ نے اونکا اکرام کیا اور اونکو خرقہ پہنایا اور اپنی دختر سے اونکا بیاہ کر دیا یہ فرزند علما کا لباس پہنا کرتے تھے پس ایکدن حضرت شیخ عبد القادر رضی اللہ عنہ وارضاہ کے مدرسے مین بیٹھے ہوئے تھے کہ ایک فقیر بیخود وسرگشتہ آیا اور انکے پہلو کیطرف بیٹھ گیا اور انکی آستینون کو لوٹنے پوٹنے لگا اور کہنے لگا کہ یہ آستینین ہین شیخ عبد الرحمن طفسونجی کے فرزند کی یہ آستینین ہین ابن ہبیرہ کی یعنی وزیر خلیفہ پس یہ اوٹھ کھڑے ہوئے اور اپنے گھر کی طرف چلے گئے اور اپنے کپڑے اوتار ڈالے اور ایک ٹاٹ پہن لیا پھر بغداد سے

نکل گئے اونکی نہ کچھ خبر معلوم ہوئی نہ اونکی پتے کا وقوف ہوا پھر بعد ایک مدت کے حضرت مولانا الشیخ عبد القادر رضی اللہ
عنہ وارضاہ نے اپنے اصحاب میں کے دو شخصوں سے فرمایا کہ تم عبادان کیطرف چلے جاؤ وہان تم شیخ عبد الرحمن کے
فرزند کو پاؤگے پس جس وقت تمہاری نظر اوسپہ پڑیگی تو وہ تمہاری قید مین ہوجائیگا پھر تم اوسکو لے آنا غرضکہ جب
یہ دونون شخص عبادان مین داخل ہوئے تو جو شکاری لوگ دریا کے کنارے پر مقیم رہتے ہین اون مین کے کسی شخص سے
اونکا پوچھا تو اوسنے اونسے کہا کہ وہ ہر روز دریا کی طرف آتے ہین وضو کرتے ہین اور اونکی ایک آواز ہوتی ہے جیسے
شیر کی آواز لگتا ہے کہ اونکی ہیبت کے مارے دریا مضطرب ہوجائے پھر وہ دونون ٹھیرے نہ تھے کہ وہ اوسی وصف
پر آگئے پھر ان دونون نے اونکو دیکھا تو اونھون نے اونسے کہا کہ مقرر تیرے تجھے قید کر لیا قبضے مین اوس شخص کے
جسنے تمکو بھیجا ہے پس اونھون نے اونسے کہا کہ تم حضرت شیخ عبد القادر رضی اللہ عنہ کا حکم مانو تو وہ بولے کہ مین نے سُنا
اور مانا پھر وہ دونون چلتے تھے اور یہ اونکے پیچھے جانتے جسوقت وہ چلتے اور بیٹھتے جب وہ بیٹھتے تھے یہانتک کہ اونکو
بغداد مین لے آئے پس یہ حضرت شیخ عبد القادر رضی اللہ عنہ وارضاہ کے روبرو اپنا سر جھکائے اور خاموش
و مؤدب ہوکر بیٹھے پھر حضرت شیخ نے انکا ٹاٹ انکے بدن پرسے اوتارا اور اپنا کپڑا اونکو پہنایا اور اونکی بی بی پر
اونکو داخل کیا رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین

الحکایۃ الرابعۃ والثلثون

بعد الخمس المئتین عن ابی الفتح خادم الشیخ الجلیل العارف النبیل ابی زکریا یحیی بن محمد المرتعش
رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال سألت شیخنا الشیخ یحیی عن ارتعاشہ ھل ھو مرض ام لہ سبب فقال مررت
یومًا فی الھواء علی قریۃ الشیخ بقا بن بطو رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرأیت رجلا جالسًا علی مزبلۃ فقلت
یا جالسا علی ھذہ المزبلۃ قم فانہ لا یجلس علی المزابل الا من لہ منزلۃ صدور المراتب فرفع راسہ و
نظر الی فاذا ھو الشیخ بقا فاخذنی الارتعاش من ھیبتہ ونظرتہ الی قال وکان یومًا یتحدث فی کرامات
الاولیاء وعندہ رجل من ذوی الاحوال والکشف والفتح فقال ذلک الرجل فی زماننا من اذا استسقی
ماءً من البئر طلع لہ فی الدلو ذھب واذا توجہ الی جھۃ رآھا ذھبًا واذا اوقف یصلی رای الکعبۃ امامہ
وکان ھذا حال ذلک الرجل فنظر الیہ الشیخ بقا ثم اطرق ففقد جمیع احوالہ وتواری عنہ جمیع ما
کان یشھدہ او یجدہ فجاء الی الشیخ مستغفرا فقال لہ ما مضی لا یعود اوقال لا یعاد قال وزارہ ثلثۃ
من الفقہاء وصلوا خلفہ العشاء فلم یقوم القراءۃ کما یرید الفقہاء فسألہم بہ وباتوا فی زاویتہ
فاجنبوا ثلاثتہم وخرجوا الی نھر علی باب الزاویۃ ونزلوا فیہ یغتسلون فجاء اسد عظیم الخلقۃ

فلم یقم

ونقص علی ثیابہم وکانت لیلۃٌ شدیدۃ البرد فایقنوا بالھلاک فخرج الشیخ من الزاویۃ فجاء الاسدُ و تمرغ علی رجلیہ فجعل الشیخُ یضربہ بکُمِّہ ویقول لہ لِمَ تُعارِضُ ضیوفنا وان اساءوا الظن بنا فولّی الاسد وطلعوا من الماء واستغفروا اللہ فقال لھم انتم اصلحتم السنتکم ونحن اصلحنا قلوبنا قلت وقد حکی مثل ھذا القصۃ لغیرہ من الشیوخ وقال فیھا انتم اشتغلتم بتقویم الظاھر فخفتم الاسد ونحن اشتغلنا بتقویم الباطن فخافنا الاسد **شیخ ابو الفتح** خادم شیخ جلیل عارف نبیل **ابوزکریا یحیی بن محمد مرتعش** رضی اللہ عنہما کہتے ہین کہ مینے اپنے شیخ حضرت یحیی رضی اللہ عنہ سے اونکے رعشے کا پوچھا کہ آیا یہ کوئی مرض ہی یا اسکا کوئی سبب ہی تو فرمایا کہ مین ایک دن ہوا مین شیخ بقا رضی اللہ عنہ کے گانون پر گزرا پس مینے کسی گھوڑے پر ایک شخص کو بیٹھا ہوا دیکھا تو مینے کہا او بیٹھنے والے اس گھوڑے پر تو اوٹھ کھڑا ہو اسلیے کہ گھوڑون پر نہین بیٹھتا ہی مگر وہ شخص جسکا مرتبہ مسندون کا صدر مقام ہوتا ہی پس اوسنے اپنا سر اوٹھایا اور میری طرف نظر کی تو کیا دیکھتا ہون کہ وہ شیخ بقا ہین پس اونکی ہیبت سے اور میری طرف اونکی نظر کرنے سے کانپنے نے مجھے آپکڑا کہا اور ایکدن وہ اولیا کی کرامات کے بارے مین باتین کر رہی تھی اور اونکے پاس ایک شخص احوال وکشف وفتح والون مین سے تھا تو وہ شخص بول اوٹھا کہ ہمارے زمانے مین وہ شخص ہی کہ جسوقت کنوین سے پانی بھرے تو ڈول مین اوس کے واسطے سونا ظاہر ہوجائے اور جب وہ کسی جہت کیطرف متوجہ ہو تو اوسکو سونا دیکھے اور جب نماز پڑھنے کو کھڑا ہو تو اپنے آگے کعبہ دیکھے اور یہ اوسی شخص کا حال تھا پس شیخ بقا نے اوسکی طرف نظر کی پھر سر نیچا کر لیا تو اوسنے اپنے سارے حال گم کیئے اور جو کچھ وہ مشاہدہ کرتا تھا یا پاتا تھا وہ سب اوس سے چھپ گیا پس وہ استغفار کرتا ہوا شیخ کیطرف آیا تو اوس سے فرمایا کہ جو کچھ گزر چکا وہ عود نکریگا یا فرمایا وہ عود نہین کیا جائیگا کہا اور تین شخص فقہا مین سے اونکی زیارت کو آئے اور عشا کی نماز اونکے پیچھے پڑھی تو شیخ نے ٹھیک قرات نہین پڑھی جیسی کہ فقہا چاہتے تھے پس اونکا گمان شیخ سے بُرا ہوا اور اونکے زاویہ مین اونہون نے رات بسر کی تو تینون آدمیون کو نہانیکی حاجت ہوئی اوس زاویہ کے دروازہ پر نہر تھی وہ اوسکی طرف گئے اور اوس مین اوترے نہانے لگے کہ ایک بڑا شیر آیا اور اونکے کپڑون پر زانو جماکر بیٹھ گیا اور وہ رات سخت سردی کی تھی تو اونہون نے اپنے ہلاک ہونیکا یقین کر لیا پس شیخ زاویہ سے آئے تو وہ شیر آیا اور اونکے پانون پر لوٹا پس شیخ اپنی آستین سے اوسکو مارنے لگے اور اوس سے کہتے تھے کہ تو کیون ہمارے مہمانون سے معارضہ کرتا ہی اگرچہ اونہون نے ہمسے بدگمانی کی پھر وہ شیر پیٹھ پھیر کر چلا گیا اور وہ لوگ پانی سے نکل آئے اور شیخ سے

معافی چاہی تو اونسے فرمایا کہ تمنے تو اپنی زبانون کی اصلاح کی اور ہمنے اپنے دلون کی اصلاح کی حضرت امام یافعی
رضی اللہ عنہ فرماتے ہین کہ اس قصہ کے مثل انکی سوا اور شیوخ کے واسطے بھی نقل کیا گیا ہی اور اوسمین یون کہا
ہی کہ تم تو ظاہر کے سیدھا کرنے مین مشغول ہوئے تو تم شیر سے ڈرے اور ہم باطن کے سیدھا کرنیمین مشغول ہوئے تو شیر
ہمسے ڈرا[۱] **الحکایۃ الخامسۃ والثلثون** بعد الخمس المئین عن الشیخ الجلیل علی بن
ادریس الیعقوبی رضی اللہ عنہ قال وقع حریق فظیع[۲] فی قریۃ الشیخ بقا رضی اللہ تعالی عنہ فسما
واستطار[۳] فی ارجائہا[۴] فقام الشیخ بقا بین النار وبین المواضع التی ماکانت وصلت الیہا وقال یا مبارکۃ
الی ھنا اخمدی[۵] فخمدت مکانہا فی الحال **قال وکان** یوما جالسا علی شط نہر الملک فمرت بہ سفینۃ
وفیہا جند ومعہم خمر وفواکہ ونساء متبرجات[۶] وصبیان ومغان وھم فی غایۃ من اللھو والطغیان فقال
الشیخ بقا للملاح اتق اللہ وقدم الی البر فلم یلتفتوا الی کلامہ فقال ایھا النہر المسخر خذ الفجرۃ فنما الماء
علیہم حتی طلع الی السفینۃ واشرفوا علی الغرق فضجوا[۷] بالشیخ واعلنوا بالتوبۃ فعاد الماء الی حالہ وحسنت
توبتہم وکانوا بعد ذلک یکثرون من زیارتہ شیخ جلیل حضرت علی بن ادریس یعقوبی رضی اللہ عنہ فرماتے
ہین کہ حضرت شیخ بقا رضی اللہ عنہ کے گانون مین بہت بڑی آگ لگی اور پھیلی اور اوسکے اطراف مین منتشر ہوئی تو
شیخ بقا کھڑے ہوئے درمیان آگ کی اور اون مواضع کے جن تک وہ نہین پہونچی تھی اور فرمایا اس جگہہ تک او مبارکہ
تو بجھ جا بس وہ اپنی جگہہ اوسی وقت بجھ گئی **کہا** اور ایکدن وہ نہر الملک کے کنارے پر بیٹھے ہوئے تھے کہ ایک کشتی اونپر سے گزری
اور اوسمین لشکر تھا اور اونکے ساتھ شراب اور میوے تھے اور عورتین مردون کے دیکھنے کو بناؤ سنگار کیے ہوئے
اور لڑکے اور گانیوالیان تھین اور وہ سب نہایت درجہ کے کھیل کود اور سرکشی مین تھے تو شیخ بقا نے ملاح سے
فرمایا تو اللہ سے ڈر اور خشکی کیطرف آگے بڑھا پس اونہون نے اونکی بات کی طرف کچھ التفات نکیا تو وہ بولے او نہر مسخر
تو فاجرون کو پکڑ لے یہ کہتے ہی اونپر پانی بڑھا یہانتک کہ کشتی کیطرف طلوع کر آیا اور وہ ڈوبنے کے قریب
ہوگئے تو شیخ کو پکار کے چیخنے چلانے لگے اور توبہ کا اعلان کیا پس پانی اپنے حال کے طرف عود کر آیا اور اونکی
توبہ اچھی ہوئی بعد اسکے وہ لوگ حضرت شیخ کی زیارت کو بکثرت آتے تھے **وکان رضی اللہ عنہ من**
اجلۃ العارفین واکابر المقربین وصاحب الاحوال النفیسۃ والمعارف السنیۃ والمقامات العلیۃ
والکرامات الباھرۃ والایات الظاھرۃ والاشارات اللطیفۃ والمعانی الشریفۃ والباع الطویل
فی الکشف والمحل العالی فی التمکین والمقر السامی فی القرب والقدم الراسخ فی التصریف

[۱] یہ قصہ روض الریاحین اور اوسکے ترجمہ محاسن المحسنین مین بھی مذکور ہے ۱۲ منہ
[۲] قطیع سہمناک و امر فظیع ای شنیع وجاوز المقدار ۱۲ ص
[۳] فسما جامی استطار الحریق پراگندہ گشت آتش سوزان ۱۲ جامی
[۴] ارجاء کرانہا ۱۲ ص
[۵] خمود مردن آتش ۱۲
[۶] تبرج خود را آراستن زن در نظر مرد ۱۲ ص
[۷] ضج بانگ و فریاد کردن ۱۲ ص

وکان الشیخ عبد القادر رضی اللہ تعالی عنہ یثنی علیہ کثیرا وذکرہ
الشیخ یحیی بن یوسف الصرصری رحمہ اللہ تعالی فی قصیدۃ لہ اولہا ؎
ھذی التہامۃ فاجلس غیر متہم ✽ واعلم بان الھوی عن بینۃ العلم ✽ وقد کسوت بقاءً
خلعۃ جمعت ✽ لہ بذا الشہر فضلا غیر منخرم ✽ توّمہ زمر الزوار طالبۃ ✽
لما رفعت لہ فی الناس من علم ✽ وقد حللت بمغناہ علی ثقۃ ✽ من صدق وعدک
فی الانباء والحکم ✽ **ومن کلامہ** رضی اللہ عنہ انصف الناس من نفسک
واقبل النصیحۃ ممن دونک تدرک شرف المنازل ومن لم یجد فی قلبہ
زاجراً فہو خراب واذا سلا القلب عن الشہوات فہو معافیً ومن لم یستعن
باللہ تعالی علی نفسہ صرعتہ ومن لم یقم باداب اہل البدایۃ کیف
تستقیم لہ دعوی مقامات اہل النہایۃ انتہی مختصرا یہ کلام چونکہ عام فائدے کا ہے
اسلئے ترجمہ کیا جاتا ہے یعنی تو انصاف کر لوگون کا اپنے نفس سے اور قبول کر نصیحت کو اوس
شخص سے جو کہ تجھسے کم رتبے کا ہے تو پاوے گا شرف منازل کو اور جس شخص نے نہ پایا اپنے
دل مین کوئی زجر و منع کرنیوالا تو وہ اوجاڑ ہے اور جسوقت دل خواہشون سے غافل ہوگیا تو وہ
عافیت دیا ہوا ہے اور جس شخص نے مدد نہ چاہی ساتھہ اللہ تعالی کے اپنے نفس پر تو اوسنے اوسکو
پچھاڑا اور جسنے قیام نہ کیا ساتھہ آداب اہل ہدایت کے تو کیونکر ٹھیک ہوگا واسطے اوسکے دعوی اہل نہایت کے
مقامات کا **قلت** قولہ ومن لم یستعن باللہ تعالی علی نفسہ صرعتہ من شواہد ذلک انّی
رآیت فی المنام کان امرأتین تعرضتا لی فصارعتنی احداہما وکانت شابۃ فلاقیت منہا شدۃ
حتی کادت تومینی فقلت استعنت باللہ فرمیتہا الارض بعون اللہ تعالی والاخری قائمۃ لم تقربنی
ثم استیقظت وخطر لی واللہ اعلم ان التی صارعتنی ھی النفس والاخری ھی الدنیا **وقد
رایتہا** مرۃ اخری مع شیخ وعلیہا من الحلی والحلل ما یدہش الناظرین وکان ذلک الشیخ
یقول لی انظر الیہا وھو یزینہا ویحسنہا مثل ماشطۃ العروس وکانہا تقول لی باللہ علیک
اقبلنی فلم افعل والحمد للہ فاوّلت ذلک ان الشیخ انہ الشیطان وتلک المرأۃ الدنیا نعوذ باللہ
من شرہما وشر النفس الامارۃ بالسوء ومن شر کل ذی شر **وقال لی بعض
الصالحین** رایت امرأۃ حسناء مزینۃ بالحلی والحلل او کما قال ثلث لیال وہی
عن یسارک وانت لا تلتفت الیہا او نحو ذلک من المقال واشار الی ان کونہا

لہ الصرع گرا دینا ص
۲ قیام کیا ساتھہ آداب ۱۲
۳ صبا ۱۲
۴ الملاقاۃ ۱۲
۵ خطور ۱۲
۶ ادہاش ۱۲
۷ علی جمع حلیۃ
بمعنی زیور و حلل جمع حلۃ ۱۲
۸ فاوّلت ای فعبرت ۱۲

علی الیسار مع عدم الالتفات الیہا من حمایۃ اللہ تعالی والسلامۃ من الافتنان بہا نسال اللہ الکریم السلامۃ من جمیع الفتن ونعوذ بہ من جمیع البلایا والمحن حضرت امام یافعی رضی اللہ عنہ فرماتے ہین کہ شیخ بقا رضی اللہ عنہ کا جو یہ قول ہے کہ جس شخص نے مدد نہ چاہی ساتھ اللہ تعالی کے اپنے نفس پر تو اوسنے اوسکو پچھاڑ ڈالا اس قول کے شواہد مین سے یہ ہے کہ مینے خواب مین دیکھا کہ گویا دو عورتین میرے سامنے آئین پہر اون مین کی ایک نے مجھ سے کشتی کی اور وہ جوان تہی تو مجھے اوس سختی پہونچی یہان تک کہ قریب تہی کہ مجھے دے مارے پس مین نے کہا کہ مدد چاہی مین نے ساتھ اللہ تعالی کے تو مین نے اللہ تعالی کی مدد سے زمین پر اوسکو دے مارا اور دوسری کھڑی ہوئی ہے میرے قریب نہین آئی پہر مین جاگ اوٹھا واللہ اعلم میرے جی مین یہ خطرہ گذرا کہ جس عورت نے مجھسے کشتی کی وہ نفس تہا اور دوسری عورت دنیا تہی ایکبار اور مین نے دنیا کو دیکھا کہ ایک بوڑھے آدمی کے ساتھ ہے اور وہ سپروہ زیور ولباس ہے کہ دیکھنے والون کو متحیر کر رہا ہے اور وہ بوڑہا مجھسے کہتا ہے کہ تو اوسکی طرف نظر کر اور وہ اوسکا بناؤ سنوار کر رہا ہے جیسے دولہن کے کنگھی چوٹی وغیرہ سنگار کرنیوالی عورت کرتی ہے اور گویا وہ عورت مجھسے کہتی ہے تجہے اللہ کی قسم ہے تو مجھے قبول کر پس مینے اوسکو قبول نہین کیا والحمد للہ پہر مینے اوس خواب کی تعبیر یہ سمجھی کہ وہ بوڑہا تو شیطان تہا اور وہ عورت دنیا تہی ہم پناہ مانگتے ہین ان دونون کے شر سے اور نفس امارہ بالسوء کے شر سے اور ہر شر والے کے شر سے اور بعض صالحین نے مجھسے کہا کہ مینے تین رات ایک عورت خوبصورت زیور ولباس سے آراستہ دیکھی یا جیسا کہ کہا اور وہ تیرے بائین طرف ہے اور تو اوسکی طرف التفات نہین کرتا ہے یا مثل اسکے کوئی بات کہی اور میری طرف یہ اشارہ کیا کہ اوسکا بائین طرف ہونا باوجود عدم التفات کے طرف اوسکے یہ اللہ تعالی کی حمایت سے ہے اور اوسکے ساتھ مفتون ہونے سے سلامتی ہے ہم اللہ تعالی سے سوال کرتے ہین سلامت رہنے کا ساری فتنون سے اور پناہ مانگتے ہین اوسکے ساتھ ساری بلاؤن اور محنتون سے انتہی مترجم عفا اللہ عنہ کہتا ہے کہ شیخ بقا رضی اللہ عنہ نے قریہ بابنوس مین سکونت اختیار کی یہ ایک گاؤن ہے نہر الملک کے دیہات مین سے تخمیناً ۵۵۳ھ پانصد و پنجاہ وسہ کے قریب وہین وفات پائی انکی عمر اسّی سے بڑھ گئی تہی انکی قبر وہان ظاہر ہے اوسکی زیارت کیجاتی ہے نوس بضم نون و واو ساکن و سین مہملہ انکے والد کا نام بطو تہا بفتح بائے موحدہ و تشدید طائے مہملہ مضمومہ بعد اوسکے واو ساکن بروزن مدّو او شدّو رضی اللہ عنہ کذا فی بہجۃ الاسرار انتہی

الحکایۃ السادسۃ والثلثون بعد الخمس المئین عن الشیخ العارف ابی محمد طلحۃ بن مظفر

رضی اللہ عنہ قال کان الشیخ ابو سعد القیلوی رضی اللہ تعالی عنہ من اجلاء المشائخ وذوی التصریف الخارق مما

دعا بامر الا نفذت فيه دعوته ولا عاد مريضا الا عوفي من يومه ان كان له اجل ولا
نظر بعين الرضا الى قلب خراب الا عمر ولا نظر بعين الغضب الى قلب عامر الا خرب **قال و**
كنت معه يوما وقت الزوال بظاهر قيلويه فطلع على صخرة عظيمة واذن فلما قال الله اكبر
انفلقت الصخرة على خمس قطع وخيل لي ان الارض اهتزت من هيبة تكبيره **وكنت**
عنده يوما بقيلويه وقد اهدي اليه رمان حلو وحامض ففرقه على من حضره وناولني
واحدة فكسرتها فاذا هي شديدة الحموضة فقلت في نفسي لو كانت حلوة فقال الشيخ
ناولنيها فناولته اياها فقلبها بيده واكل منها وقال ها هي حلوة فناولنيها فاذا هي
شديدة الحلاوة **شيخ عارف ابو محمد طلحه بن مظفر** رضي الله عنه کہتے ہین که حضرت **شیخ**
ابو سعد قیلوی رضی الله عنه اون جلیل و بزرگ مشائخ مین سے تہے جو که تصریف خارق عادت والے
ہین جس کام کی دعا کی تو اوس مین اونکی دعا نفوذ کرگئی اور جس بیمار کی عیادت کو گئے تو اوسی دن اوس کو
عافیت دیگئی اگر اوسکی عمر باقی ہے اور جس خراب دل کی طرف چشم رضا سے نظر کی تو وہ معمور ہوگیا اور
جس معمور دل کی طرف غضب کی آنکہہ سے دیکہہ لیا تو وہ خراب ہوگیا کہا ایکدن مین زوال کیوقت
قیلویہ کے باہر اونکے ساتہہ تہا تو وہ ایک بڑی چٹان پر چڑہ گئے اور اذان کہی پس جب اونہون نے
الله اکبر کہا تو وہ چٹان پانچ ٹکڑے ہوکر پہٹ گئی اور میرے خیال مین یہ آیا کہ اون کی تکبیر کی ہیبت سے
زمین ہل گئی اور ایکدن مین قیلویہ مین اونکے پاس تہا اور کسی نے شیرین و ترش انار اونکو ہدیہ بہیجے تہے
تو اونہون نے وہ انار حاضرین کو بانٹ دیے اور ایک انار مجہے دیا پس مین نے اوسکو توڑا تو ناگاہ وہ بغایت
ترش تہا پہر مینے اپنے جی مین کہا کہ کاش وہ شیرین ہوتا پس شیخ بولے کہ تو وہ مجہے دیدے تو مین نے
وہ اون کو دیدیا پہر اونہون نے اپنے ہاتہہ سے اوس کو لوٹا پوٹا اور اوس مین سے کہایا اور
فرمایا یہ تو شیرین ہے پہر وہ مجہے دیدیا تو ناگاہ وہ نہایت شیرین تہا رضی الله عنہما **الحکایة**
السابعة والثلثون بعد الخمس المائين عن الشيخ **ابی محمد** المديني
قال استاذنت شيخنا الشيخ **ابا سعد القيلوي** رضي الله عنه في
السير الى دمشق فاذن لي واعطاني تفاحتين وقال كل احدهما في ذهابك والاخرى
في ايابك ولا تاكل شيئا من غيرهما قال فلقد كانت احدهما زادي
من العراق الى دمشق وكنت كلما جعت اكلت منها شبعي ولا اقدر
على استيفائها فاذا جعت ثانية وجدتها صحيحة كان لم يمسها احد

عـه معصوم یعنی بیماری سے عافیت پائی ۱۲
عـه خیبیر لغوی قطع ہوکر زمین ہل گئی ۱۲
عـه شگافتہ شد سنگ بزرگ ۱۲
عـه خیبیل الیہ ۱۲
عـه ابیت خیال میرے ۱۲
عـه ترش ۱۲
عـه شیخ ابو محمد المدینی
عـه دمشق ... ۱۲
محمد بن المدینی
روحتك

اکلتہا کلہا

فلما وصلت الی دمشق اکلت جمیعها وکانت الاخری زادی من دمشق الی العراق
علی ما وصفت من حال اختها قلت یعنی انہ یشبع منها ثم تعود صحیحۃ کما
کانت کل حین مدۃ سفرہ شیخ ابو محمد مدینی رضی اللہ عنہ کہتے ہین میں نے اپنے شیخ ابو سعد قیلوی
رضی اللہ عنہ سے اذن چاہا چلنے مین طرف دمشق کے تو مجھے اذن دیا اور دو سیب عطا فرمائے اور کہا کہ ان
مین کا ایک توہ کہانا اپنے جانے مین اور دوسرا اپنے لوٹ کر آنے مین اور انکے سوا کوئی چیز نہ کہانا کہا پھر بیشک او نمین کا ایک تو میرا
زاد راہ ہوا عراق سے دمشق تک اور جب کبھی مین بہوکا ہوتا تو بقدر اپنے شکم سیری کے اوس مین سے کہا لیتا تہا اور
اوسکے پورا کرنے پر قادر نہین ہوتا تہا پھر جب مین دوبارہ بہوکا ہوتا تو اوسکو درست پاتا تہا گویا کہ مینے اوسکو چہوا
تک نہین پھر جب مین دمشق تک پہونچ گیا تو اوسکو سارا کہالیا اور دوسرا سیب میرا زاد راہ ہوا دمشق سے
عراق تک اوسی حال پر جو مینے اوسکے ساتہہ والے کا بیان کیا امام یافعی رضی اللہ عنہ فرماتے ہین یعنی
وہ اوس سے سیر شکم ہو جاتے تھے پھر وہ ہر وقت اونکی مدت سفر مین جیسا تہا ویسا ہی صحیح و درست ہو جاتا تہا
وکان الشیخ ابو سعد المذکور من اکابر العارفین والائمۃ المحققین صاحب المقامات العلیۃ و
المعارف الجلیۃ والسر السنی والمشرب الهنی والمکان المکین فی المعالی والمعراج العالی فی احوال النهایۃ
والطول الرفیع من منازل الولایۃ وهو احد الفقهاء المعتبرین والعلماء المفتین **ومن کلامه**
رضی اللہ عنہ التصوف لاقوام اعطوا حتی بسطوا وامعنوا فی الوصل او قال فی طلب الوصل حتی
فقدوا ثم نودوا من اسرار قربه فقالوا لبیک اللهم لبیک ومعنی التصوف التبری عمن دونه والتخلی
عما سواه وحسن الارادۃ والدخول فی کل خلق سنی والخروج من کل وصف دنی ومراقبۃ الاحوال
ولزوم الادب فی کل نفس والاقبال علی اللہ بمحو التشرف واسقاط التکلف فی التوکل الثقۃ بالمضمون و
القیام بالاوامر ومراعاۃ السر والتخلی عن الکونین والتشبث بالحق والصدق والاستتار عن الخلق بلوائح
الوجد والاختفاء عن الکون بشمائل القصد والتوحید غض الطرف عن الاکوان بمشاهدۃ من هو
منزہ عن کل نقصان **وکان** یتمثل بهذہ الابیات ع لی حبیب ازور فی الخلوات *
حاضر غائب عن اللحظات * ما ترانی اصغی الیہ بسری * کی اعی ما یقول من کلمات *
حاضر غائب قریب بعید * جل لم تحوہ رسوم الصفات * هو ادنی من الضمیر الی الوهم *
واخفی من لائح الخطرات * **مترجم** عفی اللہ عنہ کہتا ہے کہ حضرت ابو سعد رضی اللہ عنہ
قیلویہ مین ساکن رہے یہ ایک گاؤن ہے نہر الملک کے دیہات مین سے بغداد کے قریب قریب شیخ صدقہ بجاہ و

لہو در ہن قال ع صوفیان دردے دو عید کنند و عنکبوتان مگس قدید کنند + ع خلق بضمتین و سکون ثانی خوی ۱۲ م ع غض بصر فرو خوابانیدن چشم ۱۲ منہ ع طرف چشم ۱۲ ع اصغا گوش داشتن بسخن کسی ۱۲ ع وعی نگاہ داشتن و یاد کردن ۱۲

وہیں وفات پائی وہاں انکی قبر ظاہر ہی اوسکی زیارت کیجاتی ہی وکان رضی اللہ عنہ شریف النسب من ولد الحسین الشہید سبط
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یلبس لباس العلماء والتطیلس ویرکب البغلة وکان ظریف الشمائل بہی المحاسن شریف الاخلاق
رضی اللہ تعالی عنہ وقیلویہ بفتح القاف وسکون الیاء وبعدہا اللام مضمومة وواو ساکنة ویاء آخر الحروف مفتوحة
وہاء تانیث علی وزن حمدویہ وینسب الیہا فیقال قیلوی کذا فی بہجة الاسرار انتہی **الحکایة الثامنة**
تنزیہ ہو رہے ہین اور ابو حفص عمر بن صالح حدادی اپنی ایک اونٹنی کھینچتے ہوے آپ کے پاس آئے اور
آپ سے عرض کیا کہ مین حج کا ارادہ رکھتا ہون اور یہ میری اونٹنی ٹھہر گئی ہے یعنی چلتی نہین ہی اور
اُسکے سوا میری کوئی اونٹنی نہین ہے پس حضرت شیخ رضی اللہ تعالی عنہ وارضاہ نے اپنے پاؤن سے
اُسکو مارا اور اپنا دست مبارک اُسکی پیشانی پر رکھدیا راوی نے کہا کہ وہ سوارون سے آگے بڑھجاتی
تھی بعد اسکے کہ اُنکی پچھلیون مین رہتی تھی۔ اور ابوالحسن علی بن احمد بن وہب ازجی بیمار ہوے تو آپ اُنکی
بیمار پرسی کو تشریف لائے اور آپ نے اُنکے گھر مین ایک راعبی اور ایک قمری دیکھی تو ابوالحسن نے آپسے
عرض کیا یا سیدی یہ راعبی تو چھ مہینے سے انڈے نہین دیتی ہی اور یہ قمری نو ماہ سے آواز نہین کرتی ہے
پس آپ راعبی پر آکھڑے ہوے اور اُس سے فرمایا کہ تو اپنے مالک کو فائدہ دے اور اُس قمری پر ٹھہرے
اور فرمایا کہ تو اپنے خالق کی تسبیح کر راوی نے کہا کہ وہ اسی وقت سے چہچے کرنے لگی یہانتک کہ بغداد کے
لوگ جمع ہوتے تھے تاکہ اُسکی آواز سُنین اور اُس راعبی نے بچے نکالنا شروع کیا اور مرنے تک بچے نکالنا
قطع نہین کیا و قال رضی اللہ تعالی عنہ وارضاہ لی فی سنۃ ستین وخمسمأیۃ یا خضر اذھب
الی الموصل ففی ظھرک ذریۃ تظھر بھا واولھا ولد ذکر اسمہ محمد یلقنہ القرآن رجل بغدادی اعمی اسمہ
علی فی سبعۃ اشھر لیستکمل حفظہ وھو ابن سبع سنین وتعیش انت اربعا وتسعین سنۃ وشھرا و
سبعۃ ایام وتموت باربل صحیح السمع والبصر والقوۃ قال ابو عبداللہ فسکن والدی الموصل وولدت
مستھل صفر سنہ احدی وستمائۃ واحضر لی والدی رجلا اعمی یلقننی القرآن عندما بلغت سنی ست
سنین وستۃ اشھر فما استکملت سبعا حتی ختمت القرآن حفظا فسألہ والدی عن اسمہ وبلدہ فقال
اسمی علی وبلدی بغداد فذکر کلام الشیخ رضی اللہ تعالی عنہ وارضاہ ومات والدی باربل فی تاسع
صفر سنۃ خمس وعشرین وستمائۃ وقد استکمل اربعا وتسعین سنۃ وشھرا وسبعۃ ایام وحفظ اللہ
عزوجل علیہ حواسہ وقوتہ الی حین وفاتہ کما ذکر السید عبدالقادر رضی اللہ تعالی عنہ وارضاہ
یعنی اور حضرت شیخ رضی اللہ تعالی عنہ وارضاہ نے سنہ ۵۶۰ھ پانسو ساٹھ مین مجھسے فرمایا او خضر تو موصل
کیطرف چلا جا اِس تیری پشت مین اولاد ہی وہ وہان ظاہر ہوگی اور پہلا اُسمین کا ایک مذکر بچا ہی جسکا نام
محمد ہی سکھا دیگا اُسکو قرآن ایک مرد بغدادی نابینا جسکا نام علی ہی سات مہینے مین اور کامل کریگا حفظ قرآن کو
اور وہ سات برس کا ہوگا اور تو زندہ رہیگا چورانوے برس اور ایک مہینا اور سات دن اور تو اربل مین
مریگا اسحال مین کہ تیری سماعت وبصارت وقوت صحیح ودرست ہوگی ابو عبداللہ کہتے ہین کہ پھر میرے والد
موصل مین جا بسے اور مین اول ماہ صفر سنہ ۶۰۱ھ چھ سو ایک مین پیدا ہوا اور میرے والد نے ایک مرد نابینا کو میرے واسطے

حاضر کیا کہ وہ مجھے قرآن شریف کی تلقین کرے جبکہ میری عمر چھ برس اور چھ ماہ کو پہونچی پھر مین نے ساتوین برس پوری نہین کی یہانتک کہ مین نے قرآن شریف حفظ کرکے ختم کیا پھر میرے والد نے اس شخص کا نام اور اُسکے شہر کا نام اُس سے پوچھا تو اُسنے کہا میرا نام علی ہے اور میرا شہر بغداد ہے پس اُنہون نے حضرت شیخ رضی اللہ تعالیٰ عنہ وارضاہ کی بات یاد کی اور میرے والد اربل مین سنہ چھ سو چھپیں نہم ماہ صفر کو مرے اور چورانوے برس اور ایک ماہ اور سات دن پورے کرچکے تھے اور اللہ عزوجل نے اُنکو وقت وفات تک اُنکے حواس و قوت کو محفوظ رکھا جیسا کہ حضرت سید عبدالقادر رضی اللہ تعالیٰ عنہ وارضاہ نے فرمایا تھا **الحکایة**

التاسعة عشر بعد الست المئين عن الشيخ ابي الحسن علي بن يحيي بن ابي القاسم الازجي وابي الحسن علي بن عبد الله الابهري وابي محمد محمد بن رجب الداري وابي علي الحسن بن نجيم الجوزاني وابي محمد سالم بن علي الدمياطي باسانيدهم المتصلة قالوا كان الشيخ عياد والشيخ ابو بكر بن الحمامي رحمهما الله تعالى من ذوي الاحوال السنيه وكان الشيخ **محيي الدين السيد عبد القادر** الحسني الحسيني الجعفري الجيلاني رضي الله تعالى عنه وارضاه يقول لابي بكر يا ابا بكر ان الشريعة المطهرة تشكو الي منك وكان ينهاه عن امور ولا ينتهي عنها ودخل رضي الله تعالى عنه وارضاه الى جامع الرصافة فوجده فيه فضرب بيده على صدره وقال انزع ابا بكر واخرجه من بغداد ففقد جميع احواله ومعاملاته وتوارت عنه منازلاته وخرج الى القرف وبقي كلما اتى الى بغداد وهم بدخولها سقط لوجهه وان حمله احد ليدخل به سقطا جميعا فجاءت امه باكية الى الشيخ تذكر شوقها الى ولدها وتشكو العجز عن المسير اليه فاطرق ثم قال قد اذنا له ان ياتي من القرف الى بغداد من تحت الارض ويكلمك من بئر دارك قالوا فكان ياتي كل اسبوع مرة من القرف الى دار امه ويجتمع بها وبعث الشيخ عدي بن مسافر رضي الله تعالى عنه قضيب البان الى الشيخ رضي الله تعالى عنه وارضاه ليشفع له عنده فيه فوعده فيه بخير وكان بين مظفر الجمال وابي بكر رحمهما الله تعالى نسب وود فراى مظفر في تلك الواقعة رب العزة سبحانه وتعالى وقال له يا مظفر تمن فقال يا رب اتمنى رد حال اخيه ابي بكر عليه فقال لك ذلك في حضرة ولي في الدنيا والآخرة السيد عبد القادر اذهب اليه وقل له يقول لك ربك يا مارة اني اردت ان انزل بالخلق نازلة فتشفعت فيهم فشفعتك وبامارة ان سالتني ان ارحم بجودي واعم بفضلي من راك من المومنين ففعلت قد رضيت عن ابي بكر فارض عنه واذا رسول الله صلى الله تعالى عليه وآله وسلم يقول يا مظفر قل الناشي في الارض

تشفیع شفاعت کردن ۱۲ م

تشفیع پذیرفتن شفاعت ۱۲ ص

دستوری داد اور ۱۲

سختی ۱۲

---

۱ الرصافة [illegible] محلہ بغداد ۱۲ ق ۲ زبدة الاسرار ۱۲ میں یہ عبارت ہے ای انتزع ابا بکر اخرجه من بغداد اور زبدة الاسرار میں [illegible] یعنی ابابکر او [illegible] از بغداد ۱۲ زبدہ [illegible] منسوب [illegible] طعام ۳ منسوب [illegible] اعلم ۱۲ منہ قاسم [illegible] ۱۲ غ ق کی تصحیح [illegible] اعلم ۱۲ منہ

وارنی السید عبد القادر رضی الله تعالیٰ عنه وارضاه یقول لك جد لك رد علی ابی بکر حاله فانك لم تغضب الا
لشریعتی والان فقد وهبته فلما سری عن مظفر من واقعته ذهب مسرورا الی ابی بکر لیبشره وکان قد کوشف بجمیع ما
جری فی الواقعة ولم یکاشف بعد فقده حاله بشیء قبلها فتلاقیا فی نصف الطریق واتیا الی السید محیی الدین السید
عبد القادر الحسنی الحسینی الجعفری الجیلانی رضی الله تعالیٰ عنه وارضاه فقال یا مظفر بلغ رسالتك فذکر له
ما وجد فی واقعته ونسی منه شیئا فذکره الشیخ به ثم استتاب ابا بکر عما کان یکرهه منه وضمه الی صدره فوجد فی الحال
جمیع ما کان فقده لا بزیادة وکان مظفر یحکی ما راٰه وسمعه فی واقعته وقلنا لابی بکر کیف تاتی الی امك قال کنت
اذا اردت زیارتها حملت ولا ازال مارا تحت الارض حتی اتی البئر فاجتمع معها ثم احمل من حیث اتی بی الی ان ارد الی
مکانی وقالوا وقال عباد انا اعیش بعد وفات السید عبد القادر الحسنی الحسینی الجعفری الجیلانی رضی الله تعالیٰ عنه
وارضاه وارث حاله فامسك الشیخ بیده وقال یا عباد لاُرمین بینك وبین زیغك ولاجعلن خیول هجری تجول
فی حمی صفاتك وافلت یده من یده وقد سلبه حاله کله وفقد جمیع معاملاته وبقی علی ذلك مدة فبینما الشیخ جمیل
البدوی رحمه الله تعالیٰ لیلة فی خلوته اذ ورد علیه وارد قهره والقیت جثته عنه بمعزل فظهر فیه نور
لطیف شدید الاشراق یسمع ویبصر ویدرك ثم حمل روحه الی الحضرة فی عالم الملکوت وانتهی به الی مجلس فیه
جمع من المشائخ منهم من یعرفه ومنهم من لا یعرفه فهبت علیهم نسمة اسکرتهم فقالوا هذه من طیب مقام
السید عبد القادر الحسنی الحسینی الجعفری الجیلانی رضی الله تعالیٰ عنه وارضاه والقی فی سمعه هذه اعلی
ما یدرك بوصف محجوب فسمع ناطقا ینطق من باطنه ویقول یا رب اسالك اخی عبادا فالقی فی سمعه لا
یرد حاله علیه الا من سلبه ثم عاد جمیل الی حال بشریته فاتی الی السید عبد القادر رضی الله تعالیٰ عنه
وارضاه فقال له یا جمیل سالت فی عباد قال نعم قال ائتنی به فاتاه به فقال له یا عباد سر مع الحاج خفیرا له
قال نعم وذلك حین خروج الرکب العراقی من بغداد فسار معهم الی فید فرای بها
شجرة فتداخله منها وجد فصاح ودار فی السماع حتی غاب فی وجده عن وجوده وانفتحت مسامه وخرج منها
الدم حتی جری تحت قدمیه ثم افاق وقد رجع الیه حاله کله ومثله معه فقال الشیخ محیی الدین عبد القادر رضی
الله تعالیٰ عنه وارضاه فی ذلك الوقت لجمیل انه قد رد الله عز وجل علی عباد الان بفید حاله ومثله معه
وکنت اقسمت علی الله عز وجل ان لا یرد علیه حاله حتی یخوض فی دم الهجر وقد خاض فیه الیوم قالوا وسار
عباد علی الحاج الی فید فخرجت علیهم اضاعرب وکان عباد اذا اراد امرا صرخ فینفعل له ما یرید بصرخته
فصرخ یرید هزیمة العرب فردت علیه صرخته فمات مکانه واشتهر موته بین الحاج بفید ودفن بها
فاخبر السید محیی الدین السید عبد القادر الحسنی الحسینی الجعفری الجیلانی رضی الله تعالیٰ عنه وارضاه جمیلا
بموته فی یومه قالوا وکان الشیخ محیی الدین السید عبد القادر الحسنی الحسینی الجعفری الجیلانی رضی الله تعالیٰ عنه وارضاه

یقول بعد ھاتین الواقعتین نازعنی فی حالی اثنان قد ضربت اعناقہما فی حضرۃ اللہ عزوجل شیخ ابوالحسن علی بن یحیی بن ابی القاسم ازجی وابوالحسن علی بن عبداللہ ابھری وابو محمد محمد بن رجب داری وابوعلی الحسن بن نجیم جوزانی وابو محمد سالم بن علی دمیاطی رحمہم اللہ تعالی سے مروی ہی یہ سب باسانید متصلہ خود ہا کہتے ہین کہ شیخ عباد وشیخ ابوبکر بن حمامی رحمہما اللہ تعالی احوال بلند والون مین سے تھے اور حضرت شیخ محیی الدین سید عبدالقادر حسنی حسینی سنجری جیلانی رضی اللہ تعالی عنہ وارضاہ شیخ ابوبکر سے کہا کرتے تھے کہ شریعت مطہرہ مجھسے تیری شکایت کرتی ہی اور آپ اُن کو کئی امور سے منع کیا کرتے تھے اور وہ اُنسے باز نہین رہتے تھے اور آپ مسجد رصافہ کی طرف داخل ہوے تو اُنکو وہان پایا پس آپ نے اپنا ہاتھ اُن کے سینے پر پھیرا اور فرمایا کہ مین کھینچتا ہون ابوبکر کو اور نکالتا ہون اُسکو بغداد سے پس اُنہون نے اپنے سارے احوال ومعاملات گم کیے اور اُنکے منازلات اُنسے پوشیدہ ہوگئے اور موضع قرُفت کی طرف نکل گئے اور اِسحال مین باقی رہے کہ جب کبھی بغداد کی طرف آتے اور اُسکے داخل ہونیکا قصد کرتے تو اپنی مونہہ کے بل گر پڑتے اور اگر کوئی اُنکو اُٹھا لیتا تاکہ اُنکو داخل کرے تو دونون گر پڑتے تھے پس اُن کی مان روتی ہوئی اپنے لڑکے کا شوق ذکر کرتی ہوئی حضرت شیخ کی طرف آئی اور اُسکی طرف جانے سے اپنے عاجز ہونیکی شکایت کرنے لگی تو آپنے اپنا سر نیچے کیا پھر فرمایا کہ مقرر ہینے اُسکو یہ اذن دیدیا کہ وہ قرف سے بغداد کیطرف آئے زمین کے نیچے سے اور تجھسے باتین کرے تیرے گھر کے کنوئین کے اندر سے ان سبنے کہا کہ پھر ابوبکر ہر ہفتے مین ایک بار قرف سے اپنی مان کے گھر کیطرف آتے اور اُس سے ملتے تھے شیخ عدی بن مسافر رضی اللہ تعالی عنہ نے شیخ قضیب البان رضی اللہ تعالی عنہ کو حضرت شیخ رضی اللہ تعالی عنہ وارضاہ کی طرف بھیجا تاکہ وہ شیخ ابوبکر کے حق مین آپسے سفارش کرین تو آپنے اُنسے اُنکے بارے مین خیر کا وعدہ کیا اور باہم مظفر جمال وشیخ ابوبکر کے اُنس ودوستی تھی پس مظفر نے اس واقعہ مین رب العزۃ سبحانہ وتعالی کو دیکھا اور اللہ پاک نے مظفر سے فرمایا اے مظفر تو تمنا کر تو اُسنے عرض کیا یا رب مین تمنا کرتا ہون کہ میرے بھائی ابوبکر کا حال اُسے واپس دیا جا پس فرمایا کہ یہ واسطے تیرے ہے میرے ولی کے بارگاہ مین جو کہ میرا ولی ہی دنیا وآخرت مین سید عبدالقادر تو اُسکی طرف جا اور اُس سے کہہ کہ تیرا رب تجھسے کہتا ہے باین علامت کہ مین نے یہ ارادہ کیا تہا کہ خلق پر ایک آفت نازل کرون تو تونے اُنکے حق مین شفاعت کی پس مینے تیری شفاعت قبول کی اور باین نشان کہ تونے مجھسے یہ سوال کیا تھا کہ مین رحم کرون اپنی جود سے اور عام کرون اپنے فضل کے ساتھ اُس شخص کو جسنے تجھے دیکھا مومنون مین سے تو مین نے یہ کردیا مقرر مین راضی ہوگیا ابوبکر سے پس تو راضی ہوجا اُس سے اور ناگاہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرمارہے ہین او مظفر تو کہدے میرے نائب سے زمین مین اور میرے وارث سید عبدالقادر رضی اللہ عنہ وارضاہ سے کہ کہتا ہے تجھسے تیرا جد کہ تو ابوبکر کو اُسکا حال واپس کردے پس بیشک تو حقا نہین ہوا مگر واسطے میری شریعت کے

اور اپنے مقربون سے اسکو بخشش چہ سبب مظفر کے اپنے واقعات کی حالت کھل گئی تو خوش ہوئے ہوئے ابوبکر کیطرف
چلنے تا کہ انکو خبر دین اور جو کچھ اس واقعے مین گزرا اُس سب کا کشف ابوبکر کو ہوچکا تھا اور جب انھون نے
اپنا حال گم کیا تھا تو اُسکے بعد اس واقعے سے قبل اُنکو کسی شے کا کشف نہین ہوا تھا پس مظفر ابوبکر دونون
نصف راہ مین باہم ملے اور حضرت سید محیی الدین سید عبد القادر حسنی حسینی جعفری جیلانی رضی اللہ تعالی عنہ ارضاہ
کی طرف آئے تو آپنے فرمایا اے مظفر تو اپنا پیغام پہونچا دے پس اُنھون نے اپنے واقعے مین جو کچھ پایا تھا
اس کا آپسے ذکر کیا اور اُسمین سے کچھ بھول گئے تو آپنے وہ اُنکو یاد دلایا پھر ارشاد ہوا کہ ابوبکر سے ناخوش
جانتے تھے اُنکی اُنسے توبہ کرائی اور اُنکو اپنے سینہ مبارک سے لگا لیا تو انھون نے فی الحال وہ سلب شدہ
پائے جنکو گم کیا تھا مع زیادتی کے راویون نے کہا اور مظفر نے اپنے واقعے مین جو کچھ دیکھا اور سُنا تھا
اُسکی حکایت کیا کرتے تھے اور ہمنے ابوبکر سے کہا کہ تم اپنی ماں کی طرف کیونکر آتے تھے کہا مین جس وقت اُسکی
زیارت کا ارادہ کرتا تو اُٹھایا جاتا تھا اور زمین کے نیچے گزرتا رہتا یہانتک کہ اُس کنوین مین آتا پھر اُسکے ساتھ
ملتا تھا پھر مین وہان سے اُٹھایا جاتا جہان مین لایا گیا یہان تک کہ اپنے مکان کیطرف
واپس لایا جاتا تھا اور راویون نے کہا اور عباد نے کہا کہ مین زندہ رہونگا بعد وفات سید
عبد القادر حسنی حسینی جعفری جیلانی رضی اللہ تعالی عنہ وارضاہ کے اور اُنکے حال کا وارث ہونگا پس حضرت
شیخ نے اُسکا ہاتھ پکڑا اور فرمایا اے عباد البتہ ڈالدونگا مین درمیان تیرے اور درمیان تیرے محل کے واللہ
اعلم شاید مطلب یہ ہو کہ تونے جس بات کی طرف میل کیا ہی اور جو تمنا تونے کی ہی اُسمین اور تجھمین دوری کردونگا
وہ تجھے ہرگز حاصل نہوگی یہ ترجمہ تو زیقک کی بنا پر ہی جیسا کہ خلاصۃ المفاخر مین ہے۔ اور زبدۃ الاسرار مین
زیقک ہی زیق القمیص کہتے ہین کرتے کے گریبان کو حضرت شیخ عبد الحق رحمہ اللہ تعالے نے زبدۃ الآثار مین یون
ترجمہ کیا ہی کہ ہرآئینہ می اندازم میانِ تو و میان زق تو صرف اسی قدر ہے اس سے بھی صاف مطلب سمجھ مین
نہین آتا انتہی اور البتہ کردونگا اپنے ہجر کے گھوڑون کو کہ وہ جولان کرین گے تیری صفات کی چراگاہ
مین شاید مطلب یہ ہو کہ میری عدم توجہ کے گھوڑے تیری صفات کو روندڈالین گے تو تیرا حال بگڑ جائیگا
واللہ اعلم انتہی اور آپنے اپنا ہاتھ اُسکے ہاتھ سے چھڑالیا اور اُس سے اُس کا سارا حال سلب کرلیا اور وہ اسی حال
پر ایک مدت باقی رہا پھر اسی اثنا مین کہ ایک رات شیخ جمیل ہروی رحمہ اللہ تعالی اپنی خلوت مین تھے کہ ناگاہ ایک
وارد اُنپر وارد ہوا جسنے اُنکو مقہور کردیا اور اُن کا جسم اُنسے علحدہ ڈالدیا گیا پھر اُنمین ایک نور لطیف
نہایت روشنی والا ظاہر ہوا وہ سنتے ہین اور دیکھتے ہین اور ادراک کرتے ہین پھر اُنکی روح اُٹھائی گئی
طرف بارگاہ کے عالم ملکوت مین اور اُنکو لے پہونچی طرف ایک مجلس کے جسمین مشائخ کی ایک جماعت تھی اُن
مین سے وہ لوگ تھے جنکو یہ پہچانتے تھے اور اُن مین سے وہ تھے جنکو نہین جانتے تھے پھر اُن پر ایک نسیم

ہوا چلی جسنے انکو مست کر دیا تو وہ لوگ بولے کہ یہ ہوا حضرت سید عبدالقادر حسنی حسینی جعفری جیلانی رضی اللہ تعالٰی عنہ وارضاہ کے مقام کی خوشبو سے ہے اور ان کے کان مین ڈالا گیا کہ یہ عالی تر ہے اُس شئے کی جو ادراک کیجاتی ہی ساتھہ وصف محبوب کے پھر انہون نے ایک نطق کرنیوالے کو سُنا کہ وہ اُنکے باطن سے نطق کر رہا ہے اور کہہ رہا ہے یارب مین تجھسے سوال کرتا ہون اپنے بھائی عباد کا تو ان کے کان مین ڈالا گیا کہ رد نہ کریگا اُسپر اُس کا حال مگر وہ شخص جسنے اُسکو سلب کیا ہے پھر شیخ جمیل اپنی بشریت کے حال کی طرف لوٹ آئے تو حضرت شیخ سید عبدالقادر رضی اللہ تعالٰی عنہ وارضاہ کی طرف آئے پس آپ نے اُنسے فرمایا اے جمیل تو نے عباد کے حق مین سوال کیا کہا ہان فرمایا تو اُس کو میرے پاس لے آ تو یہ اُس کو آپ کے پاس لائے پس آپ نے اُس سے فرمایا کہ اے عباد تو حاجیون کے ہمراہ اُن کا بدرقہ ہو کر چلا جا عرض کیا ہان اور یہ آپکا فرمانا وقت نکلنے قافلۂ عراقی کے تھا بغداد سے پھر عباد اُنکے ہمراہ مقام فید تک چلا پس اُسنے وہان ایک درخت دیکھا تو اُس سے اُسکے اندر وجد پیدا ہو گیا پس پیہ چلایا چیخا اور سماع مین چلکر کہایا یہانتک کہ اپنے وجد مین اپنے وجود سے غائب ہو گیا اور اسکے مسام کھل گئے اور اُنسے خون نکلا یہانتک کہ اُسکے دونون قدمون کے نیچے سے بہ نکلا پھر ہوش مین آیا اور اُس کا سارا حال اُسکی طرف رجوع کر آیا اور ویسا ہی اُسکے ساتھ ہوا پس حضرت شیخ محیی الدین عبدالقادر رضی اللہ تعالٰی عنہ وارضاہ نے اُسی وقت شیخ جمیل سے فرمایا کہ مقرر اللہ عزوجل نے ابھی مقام فید مین عباد کو اُس کا حال واپس کر دیا اور ویسا ہی اُسکے ساتھ اور بیشک اللہ عزوجل نے قسم کھائی تھی کہ اُسکا حال اُسے واپس نکرے یہان تک کہ وہ خون بحر مین خوض کرے اور مقرر اُسنے آج اُس مین خوض کر لیا اور عباد حاجیون کے ساتھ چلا پس کچھ عرب اُن پر نکلے اور عباد جسوقت کسی امر کا ارادہ کرتا تو چیخ مارتا پھر جس شے کا وہ ارادہ کرتا تو وہ شے اُسکے واسطے اُسکی چیخ سے ہو جاتی تھی پس وہ چیخا عرب کی ہزیمت کا ارادہ کرتا تھا تو اُسکی چیخ اُسی پر پھیر دی گئی پس وہ اپنی اُسی جگہہ مر گیا اور اُسکی موت درمیان حاجیون کے فید مین مشتہر ہو گئی اور وہ وہین مدفون ہوا۔ حضرت سید محیی الدین سید عبدالقادر حسنی حسینی جعفری جیلانی رضی اللہ تعالٰی عنہ وارضاہ نے اُسکی موت کی اُسی دن جمیل کو خبر دیدی راویون نے کہا کہ حضرت شیخ محیی الدین سید عبدالقادر حسنی حسینی جعفری جیلانی رضی اللہ تعالٰی عنہ وارضاہ بعد ان دو واقعون کے فرمایا کرتے تھے کہ دو آدمیون نے میرے حال مین مجھسے منازعت کی مقربین نے اللہ عزوجل کی بارگاہ مین اُن کی گردنین مارین

الحکایۃ العشرون بعد الست المئتین

وفیہا ذکر بعض ما اتفق لہ فی حکایۃٍ تقدمت عن الشیخ القدوۃ ابی السعود احمد بن ابی بکر الحُزیمی قال سمعتُ الشیخ محیی الدین السید عبدالقادر الحسنی الحسینی الجعفری الجیلانی رضی اللہ تعالٰی عنہ وارضاہ یقول اَقمتُ فی صحاری العراق وخرابہ خمسا وعشرین سنۃ مجرداً سائحاً لا اعرف

الخلق ولا یعرفونی تاتینی طوائف من رجال الغیب والجان اُعلّمهم الطریق الی الله عز وجل ورافقنی الخضر علیه السلام فی اول دخولی العراق وما کنت عرفته بعدُ وشرط علی ان لا اخالفه وقال لی اقعد ههنا فجلست فی المکان الذی اقعدنی فیه ثلاث سنین یاتینی فی کل سنة مرة ویقول لی مکانک حتی اٰتیک وکانت الدنیا وزخارفها وشهواتها تاتینی فی صور فیحمینی الله تعالی من الالتفات الیها وتاتینی الشیاطین فی صور شتی مزعجة ویقاتلونی فیقوینی الله تعالی علیهم وتبرز الیّ نفسی فی صورة فتارةً تتضرع الیّ فیما تریده وتارةً تحاربنی فینصرنی الله عز وجل علیها وما اخذت نفسی فی حال البدایة بطریق من طرق المجاهدات الا ولازمته واعتنقته واخذته بکلتی یدیّ واقمت زمانا فی خراب المدائن اٰخذ نفسی بطریق المجاهدات فمکثت سنة اٰکل المنبوذ وسنةً لا اٰکل ولا اشرب ولا انام ونمت بایوان کسری فی لیلة شدیدة البرد فاحتلمت فقمت وذهبت الی الشط واغتسلت فنمت تلک اللیلة اربعین مرة واحتلمت اربعین مرة واغتسلت فی الشط اربعین مرة ثم صعدت الایوان خوف النوم واقمت فی خراب الکرخ سنین لا اقتات فیها الا بالبردی ویاتینی رجل فی راس کل سنة بجبة صوف ودخلت فی الف فن حتی استرحت من دنیاکم وما کنت اعرف الا بالتخارس والبله والجنون وکنت امشی حافیا فی الشوک وغیره وما هالنی شیٔ الا سلکته وما غلبتنی نفسی فیما تریده قط ولا اعجبنی شیٔ من زینة الدنیا قط قال فقلت له ولا لما کنت صغیرا قال ولا لما کنت صغیرا

حکایت بستم بعد ششصد اسمین ذکر ہو بعض اُس شئ کا جس کا آپکو اتفاق ہوا اُس حکایت مین جو کہ گزر چکی ہے شیخ قدوہ ابو السعود احمد بن ابی بکر حریمی مروی ہے کہا مین نے سنا حضرت شیخ محیی الدین سید عبد القادر حسنی حسینی جعفری جیلانی رضی اللہ تعالی عنہ و ارضاہ کو فرماتے تھے کہ مین پچیس برس عراق کے جنگلون اور ویرانون مین مقیم رہا تنہا ہو کر سیاحت کرتا ہوا نہ تو مین خلق کو پہچانتا تھا اور نہ وہ مجھے پہچانتی تھی مردان غیب اور جنون کے گروہ گروہ میرے پاس آتے تھے مین اُنکو اللہ عز وجل کی طرف راہ کی تعلیم کرتا تھا میرے عراق کے اول داخل ہونے مین حضرت خضر علیہ السلام نے میری مرافقت و ہمراہی کی اور اُنہون نے مجھپر یہ شرط لگائی کہ مین اُنکی مخالفت نکرون اور مجھے کہا کہ تو اسجگہہ بیٹھ جا پس مین اُس جگہہ بیٹھ گیا جسمین مجھے بٹھا گئے تین برس تک ہر سال ایکبار میرے پاس آتے اور مجھسے کہہ جاتے تھے کہ تو اپنی جگہہ مین بیٹھا رہنا یہان تک کہ مین تیرے پاس آؤن اور دنیا اور اُسکی آرائشین اور اُسکی خواہشین میرے پاس کئی کئی صورتون مین آتی تھین تو اللہ تعالی اُنکی طرف التفات کرنے سے میری حمایت و حفاظت کرتا تھا اور شیاطین بتفرق ڈرانے والی صورتون مین میرے پاس آتے اور میرا مقابلہ کرتے تو اللہ تعالے اُنپر مجھے قوت دیتا تھا اور میرا نفس صورت مین میری طرف ظاہر ہوتا پس کبھی تو وہ میری طرف تضرع و عاجزی کرتا اُس شے مین جس کا وہ ارادہ کرتا تھا اور کبھی مجھسے لڑتا تو اللہ عز وجل اُسپر

مجھے نصرت دیتا تھا اور نہین پکڑا مین نے اپنے نفس کو ابتدای حال مین ساتھ کسی طریق کے مجاہدون کے طریقون مین سے مگر حال یہ ہو کہ مین نے اُسکی ملازمت کی اور اُسکا معانقہ کیا اور اپنے دونون ہاتھون سے اُسکو پکڑا اور ایک زمانہ مدائن کے ویرانون مین مقیم رہا اپنے نفس کو طریق مجاہدات کے ساتھ پکڑتا تھا پس ایک برس تو پھینکی ہوئی گری پڑی اشیا کھایا کرتا تھا اور ایک برس نہ کھاتا پیتا تھا اور نہ سوتا تھا اور ایک سخت سردی مین رات کو ایوان کسری مین سو رہا تو مجھے احتلام ہو گیا پس مین اُٹھا اور کنارہ دریا گیا اور غسل کیا پھر اُس رات چالیس بار سویا اور چالیس بار مجھے احتلام ہوا اور چالیس بار کنارہ دریا پر نہایا پھر نیند کے ڈر سے ایوان پر چڑھ گیا اور کئی برس کرخ کے ویرانون مین مقیم رہا اُنمین قوت بسری نہین کرتا تھا مگر بردی نام گھاس سے اور ایک شخص ہر برس کے شروع مین ایک جبہ صوف کا میرے پاس لایا کرتا تھا اور مین ہزار فنون مین داخل ہوا یہانتک کہ تمہاری دنیا سے راحت پاؤن اور مین نہین پہچانا جاتا تھا مگر گونگے پن اور بیوقوفی اور دیوانگی سے اور مین کانٹون وغیرہ مین ننگے پاؤن چلا کرتا تھا اور نہین ڈرایا مجھکو کسی شئے نے مگر مین اُسی راہ چلا اور نہین غالب ہوا مجھپر میرا نفس کبھی اُس شئے مین جسکا وہ ارادہ کرتا تھا اور نہ دنیا کی زینت مین سے کسی شئے نے کبھی مجھے تعجب مین ڈالا راوی کہتا ہے پس مین نے اُنسے عرض کیا اور نہ جب آپ چھوٹے تھے فرمایا اور نہ جب مین چھوٹا تھا

الحکایۃ السادسۃ والعشرون

بعد الست المئین عن الشیخ العارف ابی عمرو الصریفینی رضی اللہ تعالی عنہ قال سمعت الشیخ محی الدین السید عبد القادر الحسنی الحسینی الجعفری الجیلانی رضی اللہ تعالی عنہ وارضاہ یقول کنت اجلس فی الخراب باللیل والنہار ولا اٰوی فی بغداد وکانت الشیاطین تاتینی صفوفا صفوفا رجالا ورکبانا بانواع السلاح واروع الصور یقاتلوننی ویرموننی بشھب النار فاجد فی قلبی تثبیتا لا اتغیر عنہ واسمع مخاطبا من باطنی یقول لی قم الیہم یا سید عبد القادر قد ثبتناک تثبیتا وایدناک بنصرنا فما ھؤلاء ان انھض الیہم فیفرون یمینا وشمالا ویذھبون من حیث اتوا وکان یاتینی الشیطان منہم وحدہ ویقول لی اذھب من ھھنا ولا فعلت وفعلت ویحذرنی تحذیرا کثیرا فالطمہ بیدی فیفر منی فاقول لا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم فیحترق وانا انظر واتانی مرۃ شخص کریہ المنظر منتن الریح وقال لی انا ابلیس اتیتک اخدمک فقد اعییتنی واعییت اتباعی فقلت اذھب فابی فجاءتہ ید من فوقہ وضربت ام راسہ فغاص فی الارض ثم اتانی ثانیۃ بیدہ شہاب من نار یقاتلنی بہ فاتانی رجل متلثم راکب فرسا اشھب وناولنی سیفا فنکص ابلیس علی عقبیہ ثم رایتہ مرۃ ثالثۃ جالسا بالبعد منی وھو یبکی ویحثو التراب علی راسہ ویقول قد ایست منک یا سید عبد القادر فقلت لہ اخسا یا لعین فانی لا ازال حذرا منک قال ھذا اشد علی ثم کشف لہ عن اشراک کثیرۃ ومصاید وحبائل حولی فقلت ما ھذہ قیل لی ھذہ اشراک الدنیا التی تصید بہا امثالک فتوجہت فی امرھا سنۃ

ع۱ رجال جمع رجالان ورجال جمع عطشان

ع۲ مثل عطاش وسکران جمع رکب ۱۲ ص یعنی سواران

ع۳ واقرعون ۱۲ فعلت کذا وفعلت کذا ۱۲

ع۴ اعیا ماندہ

ع۵ ام الراس

ع۶ ساخ فی الارض

ع۷ ناکص علی عقبیہ ۱۲

ع۸ بازگشت

ع۹ یاس

ع۱۰ خسئ

ع۱۱ دیدار ۱۲ ص

ع۱۲ صید کنندہ ۱۲ ص

ع۱۳ مشترک بالقبیل دام ۱۲ ص

حتی تقطعت کلھا ثم کشف لی عن اسباب کثیرۃ متصلۃ بی عن کل جہۃ فقلت ما ھذہ فقیل لی
ھذہ اسباب الخلق متصلۃ بک فتوجہت فی امرھا سنۃ اخری حتی تقطعت کلھا وانفردت منھا
ثم کشف لی عن باطنی فرایت قلبی ممتلیا بعلائق کثیرۃ فقلت ما ھذا فقیل لی ھذہ ارادتک و
اختیاراتک فتوجہت فی امرھا سنۃ اخری حتی تقطعت جمیعا وتخلص منھا قلبی ثم کشف لی
عن نفسی فرایت ادواءھا باقیۃ وھواھا حیا وشیطانھا ماردا فتوجہت فی ذلک سنۃ اخری
فبرئت ادواء النفس ومات الھوی واسلم الشیطان وصار الامر کلہ للہ فبقیت وحدی والوجود
کلہ من خلفی وما وصلت الی مطلوبی بعد واجتذبت الی باب التوکل لادخل منہ علی مطلوبی
فاذا عندہ زحمۃ فجزتہ ثم اجتذبت الی باب الشکر لادخل منہ علی مطلوبی فاذا عندہ زحمۃ
فجزتہ ثم اجتذبت الی باب الغنا لادخل منہ علی مطلوبی فوجدت عندہ زحمۃ فجزتہ ثم
اجتذبت الی باب القرب لادخل منہ علی مطلوبی فاذا عندہ زحمۃ فجزتہ ثم اجتذبت
الی باب المشاھدۃ لادخل منہ علی مطلوبی فاذا عندہ زحمۃ فجزتہ ثم اجتذبت الی باب الفقر
فاذا ھو خال فدخلت منہ علی مطلوبی فرایت کل ما ترکتہ وفتح منہ الکنز الاکبر واوتیت فیہ العز الاعظم
والغنی السرمدی والحریۃ الخالصۃ ومحقت البقایا ونسخت الصفات البشریۃ وجاء الوجود البالی انتہی
قلت قولہ البالی نسبۃ الی البال لا البالی الذی ھو بخلاف الجدید

شیخ عارف ابو عمرو صریفینی

رضی اللہ تعالی عنہ کہتے ہین کہ مینے سنا حضرت شیخ محی الدین سید عبد القادر حسنی حسینی جعفری جیلانی رضی اللہ
تعالی عنہ وارضاہ کو فرماتے تھے کہ مین شب روز ویرانے مین بیٹھا رہتا اور بغداد مین ٹھکانا نہین پکڑتا تھا
اور شیاطین انواع واقسام کے ہتھیار لیکر اور نہایت خوفناک صورتین بنا کر صفین صفین بنکر پیادہ و سوار
میرے پاس آتے مجھسے مقابلہ کرتے اور آگ کے شعلون سے مجھے مارتے تھے پس مین اپنے دل مین
ایک تثبیت پاتا کہ اس سے متغیر نہین ہوتا تھا اور اپنے باطن سے ایک مخاطب کو سنتا وہ مجھسے
کہتا تھا کہ او سید عبد القادر تو انکی طرف اٹھ کھڑا ہو مقرر ہمنے تجھکو ثابت رکھا ہے ثابت رکھنے کر اور
ہمنے اپنی نصرت سے تیری تائید کی ہے پھر یہ لوگ کچھ نہین کر سکتے صرف اتنا کہ مین انکی طرف اٹھ کھڑا ہوا کہ
وہ دائین بائین طرف بھاگ جاتے تھے اور وہان چلے جاتے تھے جہان سے آئے تھے اور ان مین کا
شیطان تنہا ہو کر میرے پاس آتا اور مجھسے کہتا کہ تو یہان سے چلا جا ورنہ مین یہ کرون گا وہ کرون گا
اور مجھے بہت کچھ ڈراتا تو مین اپنے ہاتھ سے اسکو طمانچہ مارتا پھر وہ میرے پاس سے بھاگ جاتا پھر مین
کہتا لاحول ولاقوۃ الا باللہ العلی العظیم تو وہ جل جاتا اور مین دیکھتا ہوتا تھا اور ایک بار ایک شخص کریہ صورت
بدبو میرے پاس آیا اور مجھسے کہا کہ مین ابلیس ہون تیرے پاس آیا ہون کہ تیری خدمت کرون پس مقرر

تو نے مجھکو تھکا دیا اور تو نے میرے تابعین کو عاجز کر دیا تو مین نے اُس سے کہا کہ تو چلا جا پس اُسنے نہ مانا
تو اُسکے اوپر سے اُسپر ایک ہاتھ آیا اور اُسکے بھیجے کو مارا تو وہ زمین کے اندر چلا گیا پھر دوبارہ
اپنے ہاتھ مین آگ کا شعلہ لیے ہوے میرے پاس آیا اُس سے میرا مقابلہ کرنے لگا تو ایک مرد ڈھاٹا
لگائے ہوے سبز خنگ پہ سوار میرے پاس آیا اور مجھے ایک تلوار دی پس وہ اپنی ایڑیون کے بل پیچھے
ہٹ گیا پھر تیسری بار مین نے اُسے دیکھا کہ مجھسے دور بیٹھا ہوا ہی اور رو رہا ہی اور اپنے سر پر لپ بھر کر
خاک ڈال رہا ہے اور کہہ رہا ہے کہ اُو سید عبد القادر مقرر مین تجھسے نا امید ہو چکا تو مین نے اُس سے کہا
او لعین تو دور ہو پس بیشک مین ہمیشہ تجھسے حذر کرتا ہوا رہتا ہون اُسنے کہا یہ مجھپر زیادہ تر سخت ہے پھر
میرے واسطے کشف کیا گیا کہ میرے اِرد گِرد بہت سے جال اور آلات شکار کرنے کے اور رسیان
ہین تو مین نے کہا یہ کیا ہے مجھسے کہا گیا کہ یہ دنیا کے جال ہین جنسے وہ تجھ جیسے کو شکار کیا کرتی ہے
پس مین سال بھر اُن کے کام مین متوجہ ہوا یہانتک کہ وہ سب ٹکڑے ٹکڑے ہو گئے پھر میرے واسطے کشف
کیا گیا کہ بہت سی رسیان ہر طرف سے میرے ساتھ متصل ہو رہی ہین تو مین نے کہا یہ کیا ہے پس مجھسے کہا گیا
کہ یہ خلق کے اسباب تیرے ساتھ متصل ہین پھر سال بھر اور مین نے اُن کے کام مین توجہ کی یہانتک کہ
وہ ساری کٹ کٹا گئین اور مین اُنسے تنہا ہو گیا پھر مجھے اپنے باطن کا کشف کیا گیا تو مین نے اپنے دل کو
دیکھا کہ بہت سے علاقون سے متعلق ہو رہا ہے پس مینے کہا یہ کیا ہے تو مجھسے کہا گیا کہ یہ تیرے ارادات
و اختیارات ہین پس مین نے سال بھر اور اُنکے حال مین توجہ کی یہان تک کہ وہ سب کے سب ٹوٹ ٹاٹ گئے اور
میرا دل اُنسے رہا ہوا پھر مجھے اپنے نفس کا کشف کیا گیا تو مین نے اُسکی بیماریون کو باقی اور اُسکی ہوا اور
ہوس کو زندہ اور اُسکے شیطان کو راکش سرکش دیکھا پس سال بھر اور مینے اُسمین توجہ کی تو نفس کی بیماریان
اچھی ہو گئین اور ہوا و ہوس مر گئی اور شیطان مسلم ہو گیا یعنی مطیع اور سارا امر اللہ کے واسطے ہو گیا اب مین تنہا باقی رہگیا سارا
وجود میرے پیچھے اور اب تک مین اپنے مطلوب کی طرف نہین پہونچا اور مین باب توکل کیطرف کھینچا گیا تا کہ اُس سے
اپنے مطلوب پر داخل ہون تو ناگاہ اُسکے پاس زحمہ تھا یعنی انبوہ پس مین اُس سے گزر گیا پھر مین باب شکر
کی طرف کھینچا گیا تا کہ اوس سے اپنے مطلوب پر داخل ہون تو ناگاہ اُسکے نزدیک انبوہ ہے پس مین اُس سے
گزر گیا پھر مین باب غنا کی طرف کھینچا گیا تا کہ اُس سے اپنے مطلوب پر داخل ہون پس مین نے اُسکے پاس
انبوہ پایا تو مین اُس سے گزر گیا پھر مین باب قرب کی طرف کھینچا گیا تا کہ اُس سے اپنے مطلوب پر داخل
ہون تو ناگاہ اُسکے پاس انبوہ ہے پس مین اُس سے گزر گیا پھر مین باب مشاہدہ کی طرف کھینچا گیا
تا کہ اُس سے اپنے مطلوب پر داخل ہون تو ناگاہ اُسکے پاس انبوہ ہے پس مین اُس سے گزر گیا
پھر مین باب فقر کی طرف کھینچا گیا تو ناگاہ وہ خالی تھا پس مین اُس سے اپنی مطلوب پر داخل ہو گیا پھر

مین نے ہر وہ تے دیکھی جسکو چھوڑ آیا تھا اور اُس سے کنز اکبر کھولا گیا اور اُس مین مجھے عز اعظم دی گئی
اور غنای سرمدی اور خالص آزادی اور بقا یانیست کی گئی اور صفات بشری منسوخ ہوگئیں اور وجود باقی
آگیا تمام ہوا کلام حضرت شیخ کا رضی اللہ تعالے عنہ وارضاہ آمین حضرت امام یافعی رضی اللہ تعالی عنہ فرماتے
ہین کہ بالی نسبت ہے طرف بالی کے یعنی قلب وہ بال کہ جو کہ بخلاف جدید کے ہے **الحکایۃ الثانیۃ**

والعشرون بعد الست المئتین عن الشریف ابی عبد اللہ محمد بن الخضر بن عبد اللہ الحسینی الموصلی ۲۲
رحمہ اللہ تعالی قال اخبرنا ابی قال خدمت سیدی الشیخ محی الدین السید عبد القادر الحسنی الحسینی الجعفری الجیلانی
رضی اللہ تعالی عنہ وارضاہ ثلاث عشر سنۃً فما رایتہ فیہا تمخط ولا تنخع ولا قعدت علیہ ذبابۃٌ ولا قام لاحدٍ من العظماء
ولا الم بباب ذی سلطانٍ ولا جلس علی بساطہٖ ولا اکل من طعامہٖ الا مرۃً واحدۃً وکان یری الجلوس علی بساط الملوک
ومن یلیہم من العقوبات المعجلات وکان یاتیہ الخلیفۃُ والوزیرُ ومن لہ الحرمۃُ الوافیۃُ وھو جالس
فیقوم ویدخل دارہ فاذا جاء خرج الشیخ من دارہ لئلا یقوم لھم وانہ لیکلمھم الکلام الخشن ویبالغ لھم فی العظۃ
وھم یقبلون یدہٗ ویجلسون بین یدیہ متواضعین متصاغرین وکان اذا کاتب الخلیفۃ یکتب الیہ السید
عبد القادر یامرک بکذا وکذا وامرہ نافذٌ علیک وھو لک قدوۃٌ وعلیک حجۃٌ فاذا وقف علی ورقتہ قبلھا وقال
صدق الشیخ وعنہ رضی اللہ تعالی عنہ انہ قال کانت الاحوال تطرقنی فی بدایتی فی السیاحۃ فاقاومھا فاملکھا
فاغیب فیہا عن وجودی واعدو وانا لا ادری فاذا سری عنی عن ذلک وجدت نفسی فی مکان بعید عن
المکان الذی کنت فیہ وطرقنی الحال مرۃً فی خرابٍ بغداد وعدوت ساعۃً وانا لا ادری ثم سری
عنی وانا فی بلاد شستر بینھا وبین بغداد اثنا عشر یوماً فبقیت متفکراً اوقال متفکراً فی امری فاذا امرأۃٌ
تقول لی اتتعجب من ھذا الامر وانت السید عبد القادر روی ذلک عنہ سماعاً بسندہ المتصل الشیخ
القدوۃ ابو عبد الرحیم عسکر بن عبد الرحیم النصیبی رحمہ اللہ تعالی **شریف ابو عبد اللہ محمد بن خضر بن**
عبد اللہ حسینی موصلی رحمہ اللہ تعالی کہتے ہین ہمکو خبر دی میرے والد نے کہا مین تیرہ برس خدمت کی سید شیخ محی الدین سید
عبد القادر حسنی حسینی جعفری جیلانی رضی اللہ تعالی عنہ وارضاہ کی پس مین نے ان برسون مین اونکو نہین دیکھا
کہ انھون نے ناک سنکی ہو اور کھنکار ڈالا ہو اور نہ اُنپر کوئی مکھی بیٹھی اور نہ بڑے لوگون مین سے کسی کے واسطے
کھڑے ہوئے اور نہ کسی حکومت والے کی دروازے پر گئے اور نہ اُسکے بچھونے پر بیٹھے اور نہ اُسکے کھانے
سے کھایا مگر ایکبار اور وہ بادشاہون کے فرش پر اور جو لوگ اُنکے مرتبے سے قریب ہین اُنکے بچھونے پر بیٹھنے
کو عقوبات معجلہ سے خیال کرتے تھے اور اُن کے پاس خلیفہ و وزیر یا وہ شخص جسکی پوری حرمت و عزت ہوتی تھی
آتے اور وہ بیٹھے ہوتے تو کھڑے ہوجاتے اور اپنے گھر کے اندر چلے جاتے تھے پھر جب وہ آجاتا تو حضرت شیخ
اپنے گھر سے نکل آتے تا کہ اُنکے واسطے کھڑے نہون اور اُنسے درشت و سخت باتین کرتے اور اُنکے واسطے

وعظ و نصیحت مین مبالغہ فرماتے تھے اور وہ لوگ آپ کا دست مبارک چومتے اور آپکے آگے فروتنی
وعاجزی کرتے ہوے بیٹھتے تھے اور جب آپ خلیفہ کو کچھ لکھتے تو یون لکھتے کہ سید عبدالقادر تجھکو فلان
فلان کام کا امر کرتا ہے اور اُسکا امر تجھپر نافذ ہے اور وہ تیرا پیشوا ہے اور تجھپر حجت ہی پھر جب خلیفہ اُنکے
ورق پر یعنی خط پر واقف ہوتا تو اُسکو چومتا تھا اور کہتا کہ حضرت شیخ نے سچ فرمایا اور آپسے مروی ہو کہ آپنے
فرمایا میرے ابتدا مین سیاحت کے زمانے مین احوال مجھپر طاری ہوتے تھے تو مین اُنکی مقاومت کرتا تھا پھر مین
اُن کا مالک ہوتا تھا پھر مین اپنے وجود سے اُنمین غائب ہو جاتا تھا اور مین دوڑتا تھا اور مین نہین جانتا تھا پھر جب
وہ حال مجھسے دور ہوجاتا تو مین اپنے نفس کو ایک ایسے مکان مین پاتا جو کہ اُس مکان سے دور ہوتا جسمین مین
تھا ایکبار بغداد کے ویرانے مین مجھپر حال طاری ہوا اور مین بقدر ایک گھڑی کے دوڑا اور مین نہین جانتا
تھا پھر وہ حال مجھسے دور ہوگیا حالانکہ مین بلاد ششتر مین تھا اور درمیان اُسکے اور بغداد کے بارہ دن
کی مسافت تھی پس مین اپنے کام مین فکر کرتا یا فرمایا تفکر کرتا رہگیا پھر کیا دیکھتا ہون کہ ایک عورت مجھسے کہہ رہی
ہے کہا تو اس امر سے تعجب کرتا ہے حالانکہ تو تو سید عبدالقادر ہے شیخ قدوۃ ابو عبدالرحیم عسکر بن عبدالرحیم نصیبی
نے بسند متصل خود اس قصے کو سماعاً آپ سے روایت کیا ہے

الحکایۃ الثالثۃ والعشرون

بعد الستۃ المئین عن الشیخ ابی عبداللہ محمد بن قائد رحمہ اللہ تعالی قال کنت عند السید محی الدین السید
عبدالقادر الحسنی الحسینی الجعفری الجیلانی رضی اللہ تعالی عنہ وارضاہ فسألہ سائل علام تبنیت امرک
قال علی الصدق ما کذبت قط ولا لما کنت صغیرا ولا ذہبت فی المکتب ثم قال رضی اللہ تعالی عنہ کنت
صغیرا فی بلدنا فخرجت الی سواد فی یوم عرفۃ وتبعت بقر احراثۃ فالتفتت الی بقرۃ وقالت لی یا سید
عبدالقادر ما لہذا خلقت ولا بہذا امرت فرجعت فزعا الی دارنا وصعدت الی سطح الدار فرایت الناس
واقفین بعرفات فجئت الی امی فقلت لہا ہبینی للہ عز وجل واذنی لی فی المسیر الی بغداد اشتغل
بالعلم وازور الصالحین فسألتنی عن سبب ذلک فاخبرتہا خبری فبکت وقامت الی ثمانین دینارا ورثہا
ابی فترکت لاخی اربعین دینارا وخاطت فی دلقی تحت ابطی اربعین دینارا واذنت لی فی المسیر وعاہدتنی
علی الصدق فی کل احوالی وخرجت مودعۃ لی وقالت یا ولدی اذہب فقد خرجت عنک للہ عز وجل
فہذا وجہ لا اراہ الی یوم القیامۃ وسرت مع قافلۃ صغیرۃ تطلب بغداد فلما تجاوزنا ہمدان وکنا بارض
کذا وکذا بلاد سماہا خرج علینا ستون فارسا فاخذوا القافلۃ ولم یتعرض لی احد فاجتاز بی احدہم وقال
یا فقیر ما معک فقلت لہ اربعون دینارا فقال واین ہی قلت مخاطۃ فی دلقی تحت ابطی فظننی استہزء
منہ فترکنی وانصرف ومر بی اخر فقال لی مثل ما قال الاول فاجبتہ کجواب الاول فترکنی وانصرف وتوافیا عند

مقدمهم فلضراه بما سمعاه مني فقال عليَّ به فاتي بي اليه واذا هم على تلٍّ يقتسمون اموال القافلة فقال لي ما معك قلت اربعون دينارًا قال واين هي قلت مخاطة في دلقي تحت ابطي فامر بدلقي ففتق فوجد فيه الاربعين دينارًا فقال لي ما حملك على الاعتراف قلت إن امّي عاهدتني على الصدق وانا لا اخون عهدها فبكى المقدم وقال انت لم تخن عهد امك وانا لي كذا وكذا سنة اخون عهد ربي فتاب على يدي فقال له اصحابه انت كنت مقدمنا في قطع الطريق وانت الآن مقدمنا في التوبة فتابوا كلهم على يدي وردّوا على القافلة ما اخذوا منهم فهم اول من تاب على يدي

شیخ ابو عبداللہ محمد بن قائد رحمہ اللہ تعالیٰ علیہ کہتے ہین کہ مین حضرت **سید محی الدین سید عبدالقادر** حسنی حسینی جعفری جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ وارضاہ کے پاس تھا پس ایک سائل نے آپ سے سوال کیا کہ آپ کسی شئی پر اپنے امر کو ثابت کرتے ہین یا کسی شئی پر آپ نے اپنے امر کی بنا رکھی ہی فرمایا صدق اور اسی پر مین نے کبھی جھوٹ نہین بولا اور نہ جبکہ مین چھوٹا تھا اور مکتب مین گیا پھر فرمایا کہ مین اپنے شہر مین چھوٹا تھا پس مین عرفہ کے دن گاؤن کیطرف نکلا اور نرگاو اِن کشتکاری کے پیچھے ہوا تو ایک بیل نے میری طرف التفات کیا اور مجھسے کہا او سید عبدالقادر تو اسکے واسطے مخلوق نہین ہوا ہی اور نہ تجھے اس کا امر کیا گیا ہے پس مین ڈرتا ہوا اپنے گھر کی طرف لوٹ آیا اور گھر کی چھت کی طرف چڑھ گیا تو مین نے لوگون کو دیکھا کہ عرفات مین ٹھہرے ہوے ہین پھر مین اپنی ماں کیطرف آیا تو مین نے اُن سے کہا کہ تم مجھے اللہ عزوجل کے واسطے بخشدو اور بغداد کی طرف جانے مین مجھے اذن دیدو کہ مین علم مین مشغول ہون اور نیک لوگون کی زیارت کرون پس اُنھون نے مجھسے اس کا سبب پوچھا تو مین نے اُنکو اپنی خبر دی پس وہ روئین اور اسّی دینارون کی طرف اُٹھ کھڑی ہوئین جنکو میرے والد میراث چھوڑ گئے تھے پس اُنھون نے چالیس دینار تو میرے بھائی کے واسطے رکھ چھوڑے اور چالیس دینار میرے پوستین مین بغل کے نیچے سی دیے اور جانے مین مجھے اذن دیا اور اپنے کل احوال مین سچ بولنے پر مجھسے معاہدہ کیا اور مجھے رخصت کرتی ہوئی نکلین اور کہا او میرے بیٹے تو چلا جا پس مقرر مین تجھسے نکل گئی واسطے اللہ عزوجل کے اب وہ چہرہ ہی کہ روز قیامت تک مین اُسکو نہ دیکھون گی اور مین ایک چھوٹے سے قافلہ کے ہمراہ چلا جو کہ طالب بغداد تھا پھر جب ہم ہمدان سے آگے بڑھے اور ہم فلان فلان بلاد کی زمین مین تھے جنکا آپ نے نام لیا تھا تو ساٹھ سوار ہمپر نکلے پس اُنھون نے قافلہ کو لیا اور مجھسے کسی نے تعرض نکیا پھر اُنمین کا ایک مجھپر گزرا اور مجھسے کہا او فقیر تیرے پاس کیا ہے تو مین نے کہا کہ چالیس دینار ہین پھر اُسنے کہا کہ وہ کہان ہین مین نے کہا کہ میری پوستین مین بغل کے نیچے سلے ہوے ہین پس اُسنے مجھے خیال کیا کہ مین اُس سے ٹھٹھا کرتا ہون اور مجھے چھوڑ گیا اور چلدیا اور ایک اور دوسرا مجھپر گزرا تو مجھسے ویسی بات کہی جیسی پہلے نے کہی تھی پس مین نے مثل اول کے اُسکو جواب دیا پس مجھے چھوڑ گیا اور چلدیا

اور وہ اپنے مقدم اور سردار کے پاس پہونچے تو اُسے اُس بات کی خبر دی جو مجھسے سُن گئے تھے پس اُسنے کہا کہ اُسکو
میرے پاس لاؤ پھر مجھے اُسکی طرف لے گئے کیا دیکھتا ہون کہ وہ سب ایک ٹیلے پر قافلے کے ال بانٹ رہے ہین
تو اُس سردار نے مجھسے کہا کہ تیرے پاس کیا ہے مین نے کہا کہ چالیس دینار ہین اُس نے کہا وہ کہان ہین مین نے
کہا کہ میرے پوستین مین بغل کے نیچے سیے ہوے ہین پس اُس نے میرے پوستین کو حکم دیا تو وہ چیری گئی پس اُس نے
اُس مین چالیس دینار پائے پھر مجھسے کہا کہ اقرار کرنے پر تجھے کون سی چیز باعث ہوئی مین نے کہا کہ میری مان نے
سچ بولنے پر مجھسے معاہدہ کیا ہے اور مین اُسکے عہد کی خیانت نہین کرتا ہون پس وہ مقدم رو یا اور کہا کہ تو اپنی
مان کے عہد کی خیانت نکرے اور مجھے اتنی اتنی برسین ہوئین کہ مین اپنے رب کے عہد کی خیانت کر رہا ہون پھر
اُسنے میرے ہاتھ پر توبہ کی تو اُسکے ہمراہیون نے اُس سے کہا کہ تو راہزنی مین ہمارا مقدم تھا اور اب توبہ مین
بھی تو ہمارا مقدم ہے پھر اُن سبنے میرے ہاتھ پر توبہ کی اور جو کچھ قافلے والون سے اُنہون نے لیا تھا
وہ اُنکو واپس کر دیا پس یہ اول مین اُن لوگون کے جنہون نے میرے ہاتھ پر توبہ کی انتہی سبحان اللہ
سچ بولنا بھی کیا نفیس عمل ہے کہ جسکی برکت سے مال کا مال بچا اور ساٹھ آدمیون کو رہزنی سے توبہ نصیب ہوئی
الصدق ینجی کا پورا مصداق ظاہر ہوا سعدی علیہ الرحمہ نے خوب فرمایا ہے ؎ راستی موجب رضای خداست
کس ندیدم کہ گم شد از رہ راست

الحکایۃ الرابعۃ والعشرون بعون اللہ المبین

عن الشیخ الامام احمد بن صالح بن شافع الجیلی رحمہ اللہ تعالی قال کنت مع السید محی الدین السید عبد القادر
الحسنی الحسینی الجعفری الجیلانی رضی اللہ تعالی عنہ وارضاہ بالمدرسۃ النظامیۃ واجتمع الیہ الفقہاء
والفقراء فتکلم علیہم فی القضاء والقدر فبینا ہو یتکلم اذ اسقطت حیۃ عظیمۃ فی حجرہ من السقف ففر
منہا کل من کان حاضرا عندہ ولم یبق الا ہو فدخلت الحیۃ تحت ثیابہ ومرت علی جسدہ وخرجت من طوقہ
والتفت علی عنقہ ومع ذلک ما قطع کلامہ ولا غیر جلستہ ثم نزلت الی الارض وقامت علی ذنبہا
بین یدیہ فصوتت ثم کلم بکلام ما فہمناہ ثم ذہبت فجاء الناس الیہ وسألوہ عما قالت لہ وقال لہا
فقال قالت لی لقد اختبرت کثیرا من الاولیاء فلم ار مثل ثباتک فقلت لہا انک سقطت علی وانا اتکلم
فی القضاء والقدر وہل انت الا دودۃ یحرکک ویسکنک القضاء والقدر فاردت ان لا ینافض فعلی قولی
شیخ امام احمد بن صالح بن شافع جیلی رحمہ اللہ تعالی کہتے ہین کہ مین حضرت سید محی الدین سید عبد القادر حسنی
حسینی جعفری جیلانی رضی اللہ تعالی عنہ وارضاہ کے ساتھ تھا مدرسہ نظامیہ مین اور فقہاء وفقراء انکی طرف
جمع ہوے پس آپنے قضاء وقدر کے بارے مین اُنپر کلام کیا پس اس اثناء مین کہ آپ کلام کر رہے تھے
کہ ناگاہ ایک بڑا سانپ چھت سے آپ کی گود مین گر پڑا تو جو لوگ آپ کے پاس حاضر تھے وہ

ص مرتبہ صدق و وصلاح شدید ۱۲ ق ص اختیار آزمودن ۱۲ ص ۲۴۹

اُس سے بھاگ گئے اور آپ کے سوا کوئی باقی نہین رہا پھر وہ سانپ آپ کے کپڑون کے نیچے گھسا اور
آپ کے جسم مبارک پر مرور کیا اور آپ کے گریبان سے نکلا اور آپ کی گردن سے لپٹ گیا اور باوجود
اس سب کے نہ تو آپنے اپنا کلام قطع کیا اور نہ اپنی بیٹھک کو تغیر دیا پھر وہ زمین کی طرف اُتر آیا اور آپکے آگے
اپنی دم پر کھڑا ہو گیا پھر وہ سخت چلایا پھر آپ نے اُس سے کچھ ایسا کلام کیا کہ ہم اُسکو نہ سمجھے پھر وہ چلا گیا
اب لوگ آپ کی طرف آگئے اور آپ سے اُس بات کا پوچھا جو اُسنے آپ سے کہی اور آپنے اُس سے
کہی تو فرمایا کہ اُسنے مجھسے کہا کہ مین نے اولیا مین سے بہت سون کو آزمایا تو مین نے مثل تمہارے ثابت
رہنے کے نہین دیکھا پس مین نے اُس سے کہا کہ تو مجھپر گر پڑا اور مین قضاو قدر کے بارے مین کلام کر رہا
تھا اور تو صرف ایک ذرا سا کیڑہ ہی اور قضاو قدر تجھکو متحرک و ساکن کر رہی ہی تو مین نے یہ ارادہ کیا کہ
میرا فعل میرے قول کا مناقض نہو جاے

الحکایۃ الخامسۃ والعشرون بعد المائتین

عن الشیخ ابی بکرٍ عبد الرزاق رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال سمعتُ والدی السید محیی الدین السید عبدِ القادر
الحسنی الحسینی الجعفری الجیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ وارضاہ یقول کنتُ فی جامع المنصور اُصلّی فسمعتُ
حسَّ مشیِ شیءٍ علی البواری فجاءت اَصَلَۃٌ عظیمۃٌ ففتحت فاہا موضعَ سجودی فلما اردتُ السجود دفعتُہا بیدی
وسجدتُ فلما جلستُ للتشہد مشَت علی فخذِی وطلعت علی عنقی والتفّت علیہ فلما سلّمتُ لم اَرَہا
فلما کان الغدُ دخلتُ خَرِبَۃً بظاہرِ الجامعِ فرأیت شخصًا عیناہ منشقوقتان طولا فعلمتُ اَنّہٗ جنّیٌّ
فقال انا الاَصَلَۃُ التی رأیتَ البارحۃَ ولقد اختبرتُ کثیرا من الاولیاء بما اختبرتُک بہ فما ثبت احدٌ
منہم لی کثباتک وکان منہم من اضطرب ظاہرا وباطنا ومنہم من اضطرب باطنُہ وثبت ظاہرُہ
ورایتُک لم تضطرِب باطنا ولا ظاہرا وسالنی ان تتوبَ علی یدی فتوّبتُہ شیخ ابوبکر عبد الرزاق
رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہین مین نے اپنے والد سید محیی الدین سید عبد القادر حسنی حسینی جعفری جیلانی
رضی اللہ تعالیٰ عنہ وارضاہ کو سنا فرماتے تھے کہ مین منصور کی جامع مسجد مین نماز پڑھ رہا تھا کہ مین نے کسی
شے کے چلنے کی آہٹ بوریون پر سُنی پس ایک بڑا سانپ آیا تو اُسنے میرے سجدے کی جگہ اپنا مُنہ کھولا
پھر جب مین نے سجدے کا ارادہ کیا تو اپنے ہاتھ سے اُسکو اُٹھا لیا اور سجدہ کیا پھر جب تشہد کے واسطے بیٹھا
تو وہ میری ران پر چلا اور میری گردن پر چڑھا اور اُسپر لپٹ گیا پھر جب مینے سلام پھیرا تو اُسے نہ دیکھا پھر جب
کل کا دن ہوا تو مین ویرانے مین داخل ہوا جو کہ مسجد جامع کے میدان مین تھا تو مین نے ایک شخص کو دیکھا جس کی
دونون آنکھین طول مین چری ہوئی تھین تو مین نے جان لیا کہ وہ جن ہی پس اُسنے کہا کہ مین وہی سانپ ہون جسکو
تونے آج کی رات دیکھا تھا اور البتہ مقربین نے اولیا مین سے بہت سون کا امتحان کیا اُس شے کے ساتھ جسکے

ساتھ مینے تیرا امتحان کیا تو مثل تیرے ثبات کے اُنمین سے کوئی بھی ثابت نرہا اور اُنمین سے وہ تھا جو کہ ظاہر و باطن
مین مضطرب ہوگیا اور اُن مین سے وہ تھا جسکا باطن مضطرب ہوگیا اور اُس کا ظاہر ثابت رہا اور مینے تم کو
دیکھا کہ تم نہ تو باطن مین مضطرب ہوے اور نہ ظاہر مین اور اُس نے مجھسے سوال کیا کہ میرے ہاتھ پر توبہ کرے
تو مین نے اُسکو توبہ کرائی **الحکایۃ السادسۃ والعشرون** بعد السند عن الشیخ ابی المعالی عبد الرحیم
بن مظفر القریشی قال اخبرنا الحارثۃ ابو عبد اللہ محمد بن النجار البغدادی رحمہ اللہ تعالیٰ عن عبد اللہ ابی الحسین
الجُبّائی اَنَّ السیّدَ عبد القادر الحسنی الحسینی الجعفری الجیلانیؒ رضی اللہ تعالیٰ عنہ وارضاہ قال اذا وُلد لی
ولدٌ اخذتہ علی یدی وقلتُ ھذا سببٌ فاخرجتُہ من قلبی فاذا مات لم یؤثر عندی موتہ شیئًا لانی قد اخرجتہ
من قلبی اوّل ما یولد قال وکان یموتُ من اولادہ الذکور والاناث لیلۃ مجلسہ فلا یقطع المجلس و یصعد علی
الکرسی و یعظ الناس والغاسل یغسل المیت فاذا فرغوا من غسلہ جاؤا بہ الی المجلس فینزل الشیخ و یصلی علیہ
وبھذا الاسناد الی الحافظ ابی عبد اللہ محمد بن النجار البغدادی رحمہ اللہ تعالیٰ قال سمعتُ الحافظ عن
ابی المعالی عبد الرحیم بن مظفر بن محمد بن الخضر یقول القرشی قال اخبرنا ابو عبد اللہ محمد بن النجار البغدادی
کنتُ ادخل علی الشیخ عبد القادر رضی اللہ تعالیٰ عنہ وارضاہ فی وسط الشتاء و قوۃ بردہ علیہ قمیص واحدٌ
وعلی راسہ طاقیۃٌ والعرقُ یخرج من جسدہ و حولہ من یُروِّحہ بالمروحۃ کما یکون فی شدۃ الحر شیخ ابو المعالی
عبد الرحیم بن مظفر قرشی سے مروی ہی کہا ہمکو خبر دی حارثہ ابو عبد اللہ محمد بن نجار بغدادی رحمہ اللہ تعالیٰ نے عبد اللہ ابو الحسین
جُبّائی سے کہ حضرت سید عبد القادر حسنی حسینی جعفری جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ وارضاہ نے فرمایا کہ جس وقت میرے
واسطے کوئی بچا پیدا کیا جاتا تو مین اُسکو اپنے ہاتھون پر لیتا اور کہتا یہ ایک سبب ہے پس مینے اُسکو اپنے دل سے
نکال ڈالا پھر جب وہ مرجاتا تو اُسکی موت میرے نزدیک کچھ اثر نہین کرتی تھی اس لیے کہ مین نے تو اُسکی اول پیدائش
مین اپنے دل مین اُسے نکال ڈالا تھا راوی نے کہا کہ آپ کی اولاد ذکور و اناث مین سے آپ کی شب مجلس مین
کوئی مرتا تو آپ مجلس کو موقوف نہین کرتے تھے اور کرسی پر چڑھتے اور لوگون کو وعظ و نصیحت فرماتے تھے اور غسال
میت کو غسل دے رہا ہی پھر جب وہ اُسکے غسل سے فارغ ہو جاتے تو اُسکو مجلس کیطرف لاتے پھر حضرت شیخ اُترتے
اور اُسپر نماز پڑھتے تھے اور اسی اسناد سے حافظ ابو عبد اللہ محمد بن نجار بغدادی تک پہونچی ہی راوی نے کہا مینے سنا حافظ
کو ابو المعالی عبد الرحیم بن مظفر بن خضر سے کہ قرشی کہتا ہی راوی نے کہا ہمکو خبر دی حافظ ابو عبد اللہ محمد بن نجار بغدادی نے
کہ مین داخل ہوا کرتا تھا حضرت شیخ عبد القادر رضی اللہ تعالیٰ عنہ وارضاہ پر موسم سرما کے وسط اور اُسکی قوت سردی مین
اور حال یہ تھا کہ آپکے جسم مبارک پر ایک کرتا اور آپ کے سر مبارک پر ایک ٹوپی ہوتی تھی اور آپ کے جسم مبارک سے پسینا
نکلتا جاتا تھا اور آپکے آس پاس وہ لوگ ہوتے تھے جو کہ پنکھے سے آپ پر ہوا کرتے تھے جسطرح کہ گرمی کی شدت مین ہوا کرتا ہی

الحکایۃ السابعۃ والعشرون بعد الست المئین عن الزوجین الصالحین الامام الورع ابی سعد
عبد اللہ بن سلیمان الہاشمی الجیلی و ام احمد الجیلیۃ رحمہما اللہ تعالی قالا کان لام الخیر فاطمۃ ام الشیخ رضی اللہ تعالی
عنہما وارضاہما قدم راسخ فی ہذا الامر وسمعناہا تقول غیر مرۃ لما وضعت ابنی عبد القادر کان لا یرضع ثدیی فی
نہار رمضان وغم علی الناس ہلال رمضان فاتونی وسالونی عنہ فقلت لم یلقم الیوم ثدیا ثم اتضح ان ذلک
الیوم کان من رمضان واشتہر ببلدنا فی ذلک الوقت انہ ولد للاشراف ولد لا یرضع فی نہار رمضان وعن
القاضی القضاۃ ابی صالح قال سمعت عمی الشیخ عبد الوہاب یقول الاکابر من مشائخ العجم وعلمائہا یروون
عن اکابرہم انہ لا یرضع فی نہار رمضان یعنی والدہ الشیخ محیی الدین عبد القادر رضی اللہ تعالی عنہ
وارضاہ وروی ان امہ رضی اللہ تعالی عنہا حملت بہ وہی بنت ستین سنۃ ویقال لا تحمل الستین سنۃ
الا قرشیۃ ولا الخمسین الا عربیۃ یعنی دو نیک میاں اور بی بی سے مروی ہے یعنی شیخ امام پرہیزگار ابو سعد
عبد اللہ بن سلیمان ہاشمی جیلی اور ام احمد جیلیہ رحمہما اللہ تعالی کہتے ہیں کہ ام الخیر فاطمہ والدہ حضرت شیخ رضی اللہ تعالی عنہما
وارضاہما کے واسطے اس امر یعنی تصوف میں قدم راسخ تھا اور ہمنے انکو بہت بار کہتے سنا کہ جب میں نے
اپنے بیٹے عبد القادر کو جنا تو وہ ماہ رمضان کے دن میں میرے پستان کو نہیں چوستا تھا اور ماہ رمضان کا ہلال
لوگوں پر ابرناک ہوا یعنی رمضان کا چاند ابر کے باعث دکھائی نہیں دیا تو وہ لوگ میرے پاس آئے اور مجھسے
اسکا پوچھا تو مینے کہا کہ آج اسنے پستان کو منہ میں نہیں لیا پھر یہ واضح ہو گیا کہ وہ دن رمضان کا تھا اور اسی
وقت ہمارے شہر میں یہ بات شہرت پا گئی کہ سادات کے ہاں ایک ایسا لڑکا پیدا ہوا ہے کہ رمضان کے
دن میں دودھ نہیں پیتا ہے **قاضی القضاۃ** ابو صالح رحمہ اللہ تعالی سے مروی ہے کہا مینے اپنے چچا شیخ عبد الوہاب
کو سنا وہ کہتے تھے کہ عجم کے مشائخ وعلما میں کے اکابر اپنے اکابر سے روایت کرتے ہیں کہ وہ ماہ رمضان
کے دن میں دودھ نہیں پیتے تھے یعنی انکے والد حضرت شیخ محیی الدین سید عبد القادر رضی اللہ تعالی
عنہ وارضاہ اور مروی ہے کہ آپکی والدہ آپکے ساتھ حاملہ ہوئیں اور انکی عمر ساٹھ برس کی تھی اور کہا جاتا ہے
ساٹھ برس کی عورت حاملہ نہیں ہوتی ہے مگر قریشیہ عورت اور پچاس برس کی کوئی عورت حاملہ نہیں ہوتی ہے
مگر عربی عورت **الحکایۃ الثامنۃ والعشرون** بعد الست المئین عن الشیخ عمر الکیمانی رحمہ اللہ
تعالی قال حضر یوما مجلس الشیخ محیی الدین السید عبد القادر رضی اللہ تعالی عنہ وارضاہ نقیب النقباء فلان
سماہ ولم یکن حضرہ قبل ذلک فقال الشیخ مشیرا الیہ لبیک لم تخلق فان خلقت علمت لما ذا خلقت یا
نائم انتبہ افتح عینیک وانظر ما امامک قد اتتک جنود العذاب یا راحل یا زائل یا منتقل سافر
الف عام لتسمع منی کلمۃ واحدۃ المبلغ عندک کم سمت الدنیا منک بالجاہ الکثرۃ ثم قتلتہ انا اذا نام
المبلغ عندک کم سمت

طبع اخلاصی و طبع سرّی لا اراک الا خطوتان وقد وصلت الی الله عزّ وجلّ النفس والخلق وانت یا مرید خطوتان وقد وصلت الی الله تعالیٰ الدنیا والاخرة الا الی الله تصیر الامور فلما نزل عن الکرسی قال له بعض تلامذته یا سیدی لقد بالغت فی القول له فقال انما هو نور جلا ظلمته قال فلم یزل بعد ذلک یحضر مجلسه ویاتیه فی غیر وقت المجلس ویجلس بین یدیه متواضعا متصاغرا حتی مات رحمه الله تعالیٰ

شیخ عمر کیمانی رحمہ اللہ تعالیٰ کہتے ہیں کہ ایک دن حضرت شیخ محیی الدین سید عبد القادر جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ وارضاہ کی مجلس میں نقیب النقبا رفلان حاضر ہوا اُسکا نام لیا تھا اور اس سے پہلے آپ کے پاس حاضر نہیں ہوا تھا تو آپ نے اُسکی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا کہ کاش تو مخلوق نہوا ہوتا پھر جب تو مخلوق ہوا تو تو جان لیتا کہ کس شے کے واسطے مخلوق ہوا او سونیوالے جاگ اپنی دونوں آنکھیں کھول اور دیکھ اُس شے کو جو تیرے آگے ہے مقرر تیرے پاس عذاب کے لشکر آگئے او کوچ کرنیوالے اور زوال ہونیوالے اور انتقال کرنیوالے ہزار برس کا سفر کرتا کہ تو مجھسے ایک کلمہ سن لے کیا تیرے نزدیک یہ بات پہونچی ہی کہ تیرے مثل دنیا نے کتنوں کو زہر دیا یا فربہ کیا ساتھ جاہ وکثرت کے پھر اُنکو قتل کر ڈالا میرا یہ حال ہی کہ جسوقت میرے اخلاص کی طبیعت اور میرے سر کی طبیعت اُبھری تو میں تجھکو نہیں دیکھتا ہوں مگر دو قدم اسحال میں کہ مقرر تو پہونچ گیا طرف اللہ عزّ وجلّ کے نفس اور خلق اور تو او مرید دو قدم ہیں اور مقرر تو پہونچ گیا طرف اللہ تعالیٰ کے دنیا و آخرت سنتا ہی اللہ ہی کی طرف پہونچتے ہیں کام پھر جب آپ کرسی سے اُترے تو آپکے بعض تلامذہ نے آپسے عرض کیا کہ یا سیدی البتہ مقرر آپنے اُس سے بات کرنے میں مبالغہ کیا تو فرمایا کہ وہ تو صرف ایک ایسا نور تھا کہ اُسنے اُسکے تاریکی کو روشن کر دیا راوی نے کہا کہ پھر وہ بعد اسکے ہمیشہ آپ کی مجلس میں حاضر ہوتا تھا اور غیر وقت مجلس میں بھی آپکے پاس آتا اور آپ کے آگے فروتن وحقیر بنکر بیٹھتا تھا یہانتک کہ مر گیا رحمہ اللہ تعالےٰ

الحکایة التاسعة والعشرون بعد السّت المئین عن عبد الله الجُبّائی رحمه الله تعالیٰ

قال قال لی الشیخ محیی الدین السید عبد القادر رضی الله تعالی عنه وارضاه کنت اُومر واُنهی فی النوم والیقظة وکان یغلب علی الکلام عنه ویزدحم علی قلبی فان لم اتکلم اکاد اختنق ولا اقدر ان اسکت وکان یجلس عندی رجلان وثلاثة یسمعون کلامی ثم تسامع الناس بی وازدحم الخلق علی فکنت اجلس فی المصلّی بباب الحلبة ثم ضاق علی الناس الموضع فحمل الکرسی الی خارج البلد وجعل فی المصلّی وکان الناس یجیئون علی الخیل والبغال والجمال والحمیر ویقفون اذا دار المجلس کالسّور وکان یحضر المجلس نحو من سبعین الفا شیخ عبد الله جبائی رحمہ اللہ تعالیٰ کہتے ہیں کہ حضرت شیخ محیی الدین سید عبد القادر رضی اللہ تعالیٰ عنہ وارضاہ نے مجھسے فرمایا کہ میں خواب و بیداری میں امر و نہی کیا جاتا تھا اور اُس امر و نہی کی خبر دینا مجھپر غالب ہوتا تھا اور میرا دل مجھپر

ازدحام کرتا تھا پھر اگر مین کلام نکرون تو لگتا تھا کہ میرا گلا گھٹ جاتا ہے اور ساکت رہنے پر قادر نہین ہوتا تھا میرے
پاس دو اور تین آدمی بیٹھتے میرا کلام سنتے تھے پھر لوگون نے میرا سُن لیا اور خلق نے مجھپر ازدحام کیا پس
مین باب حلبہ کی عیدگاہ مین بیٹھا کرتا تھا پھر وہ جگہہ لوگون پر تنگ ہوئی تو کرسی شہر کے باہر کی طرف اُٹھائی
گئی اور عیدگاہ مین رکھی گئی اور لوگ گھوڑون پر اور خچرون اونٹون گدھون پر آتے اور ٹھیرتے تھے
جبکہ مجلس مثل حصار کے گول ہوجاتی تھی اور اُس مجلس مین قریب ستر ہزار آدمیون کے حاضر ہوتے تھے

الحکایة الثلثون بعد الست المئین عن الشیخ ابی زکریا یحیی بن ابی نصر البغدادی المعروف
